سہ ماہی
المنتہیٰ
جنوری تا جون 2021ء
جلد چہارم شمارہ 15-14
عقیدہ ختمِ نبوت پر
علمی وتحقیقی مجلہ

7 ستمبر 1974ء کے تاریخی فیصلہ کی مختصر روئیداد (اردو، عربی، انگلش)

قادیانیت پر آخری ضرب نمبر

مؤلف:
پروفیسر شاہ فرید الحق قادری رحمۃ اللہ علیہ

زیرِ سرپرستی
عالمی مبلغ اسلام شیخ طریقت حضرت العلام
خواجہ محمد بدر عالم جان زید مجدہ
زینت دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

مدیرِ اعلیٰ: خواجہ غلام دستگیر فاروقی

ادارۂ المنتہیٰ پاکستان

غلام دستگیر فاروقی نے منہاج القرآن پبلی کیشنز سے چھپوا کر آستانہ چشتیہ خیریہ شکر گڑھ سے شائع کیا۔

مرکزی آفس: آستانہ چشتیہ خیریہ جلال پور درس (چک امرو روڈ) شکر گڑھ

ذیلی آفس: دار العلوم جامعہ رحمت ٹاؤن شپ لاہور

E-mail:farooqi4156@hotlook.com

صاحبزادہ محمد نجم الامین عروس فاروقی
(مونیاں شریف، گجرات)

مجھے پرچہ ملا المنتہٰی کا
میں قائل ہوگیا المنتہٰی کا
ہوئی ختم رسالت مصطفیٰ پر
یہی ہے مدّعا المنتہٰی کا

مخزنِ صدق و صفا المنتہٰی
مرحبا صد مرحبا المنتہٰی
خاتمیّت آشنا المنتہٰی
معرفت کی انتہا المنتہٰی
پڑھ کے تیری کیف آور لائنیں
کیف پاتا ہے جِلا المنتہٰی
وہ گھڑی تھی کسقدر ایماں فزا
جس گھڑی جاری ہوا المنتہٰی
کر رہا ہے کام تو از حد بڑا
تو ہے عالی مرتبہ المنتہٰی
راہِ حق پر تو سدا چلتا رہے
حق سے کرتا ہوں دعا المنتہٰی

فہرست

اراکین مجلہ ''المنتھی''

نام	ایڈریس	نام	ایڈریس
مولانا عامر سعید نقشبندی	دینہ، جہلم	قاری نعیم احمد سلطانی	تحصیل کھوئیرٹہ آزاد کشمیر
مولانا ڈاکٹر طارق محمود	شرقپور شریف	حافظ نوید احمد چوہدری	شکر گڑھ
حافظ رحمت علی	حجرہ شاہ مقیم	حافظ محمد آصف قادری	شکر گڑھ
مولانا حافظ صابر علی قادری	پاکپتن شریف	صوبیدار محمد جمیل چشتی	شکر گڑھ
حافظ محمد اعظم قادری	پاکپتن شریف	محسن حسن نقشبندی	حجرہ شاہ مقیم
علامہ محمد اشرف نور	ضلع جھنگ	محمد اکرام اللہ صدیقی	حویلی لکھا
حافظ علی رضا فیض	بصیر پور	حافظ محمد افضل	ملتان
حافظ محمد شکیل قادری	شکر گڑھ	رانا محمد رضوان	اوکاڑہ
علامہ محمد مسعود احمد چشتی	سرگودھا	مولانا سجاد احمد نقشبندی الخیری	نارووال
حافظ محمد امین الخیری	بہاولنگر	چوہدری محمد عمر نمبردار	شکر گڑھ
حافظ محمد آصف چدھڑ	میاں چنوں	محمد حسنین ملک الخیری	شکر گڑھ
محمد عامر علی چشتی	چنیوٹ	مولانا علی عباس سیالوی	موڑ کھنڈا
قاری محمد ظفر اللہ	چونیاں	محمد شاہد نواز بلوچ	لاہور
قاری عبد الستار قادری	نارووال	محمد وارث علی	بہاولنگر
ماسٹر غلام نبی	پاکپتن شریف	مولانا مختار احمد فاروقی	مظفر گڑھ
حافظ محمد قاسم اسلام	شکر گڑھ	قاری محمد یوسف صدیقی	حویلی لکھا
مفتی محمد رمضان غفاری	میاں چنوں	محسن علی چشتی	شکر گڑھ

ہدیۂ تشکّر

''خیر القرون قرنی'' کے بہترین زمانہ سے چودہ صدیوں بعد بھی ایسے مخلصین کا پایا جانا ملت اسلامیہ کیلئے کسی نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں۔

- ★ محقق بے بدل عابد حسین شاہ پیرزادہ
- ★ جگر گوشہ شرف ملت ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی
- ★ عظیم مذہبی سکالر ڈاکٹر حافظ خورشید احمد قادری
- ★ محقق ختم نبوت محمد ثاقب رضا قادری
- ★ بزرگ محقق خلیل احمد رانا
- ★ مدرس ریسرچر ڈاکٹر حامد علی علیمی
- ★ مفتی محمد وسیم رضا ماتریدی
- ★ مجاہد ختم نبوت شیخ عمران الحق نورانی

رابطہ کمیٹی:

قاری نور نبی نقشبندی، محمد عمر علی عطاری، حافظ محمد حماد ملک چشتی

خصوصی کاوش:

قاری محمد مجید نوری، محمد سرور زوہیب، پروفیسر محمد فاروق صدیق، محمد خلیق الرحمن، صاحبزادہ غلام قادر ساقی

انتساب

میں اس تحریر

کو

مبلغِ اسلام مولانا الحاج الحافظ القاری

شاہ احمد نورانی صدیقی

ممبر قومی اسمبلی، پاکستان

صدر جمعیت علماءِ پاکستان، صدر ورلڈ اسلامک مشن

کی

ذاتِ گرامی سے منسوب کرتا ہوں۔

[شاہ فرید الحق]

اظہاریہ

عقیدہ ختم نبوت اسلام کا اساسی عقیدہ ہے، جس پر اسلام کی عظیم الشان عمارت قائم ہے۔ مختصر اور آسان ترین الفاظ میں اس عقیدہ سے مراد اس بات کا دل وزبان سے اقرار کرنا ہے کہ سرکار ختمی مرتبت جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ رب العالمین کے آخری نبی ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد کسی بھی مفہوم و معانی میں نیا نبی قیامت تک پیدا نہیں ہوسکتا۔

آغاز اسلام سے لے کر اب تک اس عقیدہ عظیمہ پر نقب زنی کی کوششیں تاجدار ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پیش گوئی کے مطابق ہوتی رہی ہیں۔ خطہ برصغیر میں عصر حاضر کا سب سے بڑا فتنہ ''قادیانیت'' ہے جو چوہے کی طرح اسلام کی رسی کو رفتہ رفتہ کاٹ رہا ہے۔ اس پرفتن دور میں جو خوش قسمت افراد و تنظیمات تحفظ عقیدہ ختم نبوت کے لیے مصروف عمل ہیں وہ کُل امت کی طرف سے کفارہ ادا کر رہے ہیں اور ان کی یہ کوششیں بلاشبہ لائق تحسین ہیں۔ ''اِدارَۃُ الْمُنْتَہٰی پاکستان'' بھی اس ضمن میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی کوشش میں لگا ہے۔ ''اِدارہ'' دراصل ایک علمی تحریک بپا کرنا چاہتا ہے تاکہ عقیدہ ختم نبوت کا درست مفہوم شعوری بنیادوں پر عام کیا جائے، اس لیے تحفظ عقیدہ ختم نبوت اور رد قادیانیت پر مشتمل علمی و تحقیقی لٹریچر کو عام فہم انداز میں امت تک پہنچانا اس کی اولین ترجیح ہے۔ ''اِدارَۃُ الْمُنْتَہٰی پاکستان'' کی کاوش سے اس موضوع پر متعدد تصانیف اشاعت کے عمل سے گزر چکی ہیں، اور مزید کام ہو رہا ہے۔ کتب و رسائل کی تصنیف و اشاعت کے علاوہ اِدارَۃُ الْمُنْتَہٰی نے ایک سہ ماہی مجلہ ''اَلْمُنْتَہٰی'' کا اجرا بھی اپریل ۲۰۱۷ء سے کر رکھا ہے جو بفضلہٖ تعالیٰ تسلسل سے شائع ہو رہا ہے۔

مجلہ ''اَلْمُنْتَھٰی'' کی خصوصی اشاعتوں میں جولائی تا دسمبر ۲۰۱۸ء کا شمارہ ۱۱۲ صفحات پر محیط ہے۔ پاکستان کی قومی اسمبلی میں قادیانیت کو اقلیت قرار دینے کے بارے میں ایک تاریخ ساز کارروائی ۱۹۷۴ء میں عمل میں آئی ،جس کے روح رواں قائد ملت اسلامیہ الشاہ احمد نورانی رحمہ اللہ الباری تھے،بعض دوستوں نے توجہ دلائی کہ اس تاریخ ساز کارروائی کے متعلق انگریزی زبان میں لٹریچر نہ ہونے کے برابر ہے، جب کہ قادیانی لوگ اس بارے بہت شدومد سے پراپیگنڈہ کر رہے ہیں اور عالمی سطح پر اس بارے میں غلط معلومات پر مشتمل متعدد کتب ورسائل شائع کر چکے ہیں۔ ''اِدَارَۃُ الْمُنْتَھٰی پاکستان'' نے اس کے ازالہ کے لیے ابتدائی طور پر پروفیسر شاہ فرید الحق قادری (۱۹۳۳۔۲۰۱۱ء) کی اہم ترین کتاب ''The Last Blow to Qadyaniyat'' کو اردو، انگریزی اور عربی میں یکجا شائع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

پروفیسر شاہ فرید الحق (۱) نے 1974ء میں قومی اسمبلی کی تاریخ ساز کاروائی کو اجمالاً

---

(۱) پروفیسر سید شاہ فرید الحق بن بشیر الحق جیلانی حسنی ۱۳۵۲ھ بمطابق ۱۹۳۳ء میں ہندوستان کے صوبہ اتر پردیش کے قصبہ سکندر پور میں مذہبی وصوفی گھرانہ میں پیدا ہوئے اور ۱۴۳۳ھ بمطابق ۲۰۱۱ء میں کراچی میں وفات پائی وہیں قبر بنی۔ دینی سکالر، ماہر تعلیم، شاعر اور سیاسی قائد تھے۔ ۱۹۵۶ء میں آگرہ یونیورسٹی سے بی۔اے کیا اور ۱۹۵۸ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ایم۔اے نیز ایل ایل بی کیا۔صوفیہ کے سلسلہ میں مفتی محمد عبدالرحمن رشیدی سے اور پھر ۱۹۷۴ء میں قادری سلسلہ میں مولانا ضیاءالدین احمد مدنی سے اجازت وخلافت پائی۔تحریک پاکستان کے پُرجوش حامی وداعی تھے چنانچہ تعلیم سے فارغ ہوتے ہی ۱۹۵۸ء میں کراچی پاکستان ہجرت کر آئے۔ یہاں وکالت کا پیشہ اپنایا لیکن ایک سال بعد ہی ترک کر کے اسلامیہ کالج کراچی میں لیکچرار ہوئے۔ پھر ۱۹۶۸ء تک اسی کالج نیز کراچی یونیورسٹی میں تدریس انجام دی اور لیاقت نیشنل کالج ملیر کراچی کے بانی و پرنسپل تھے۔

۱۹۷۰ء میں سیاست کے میدان میں آئے اور جمعیت علماء پاکستان کے ٹکٹ پر صوبہ سندھ اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے پھر جماعت کے پارلیمانی لیڈر نامزد کئے گئے نیز سندھ اسمبلی میں یکم مئی ۱۹۷۲ء تا ۳ فروری ۱۹۷۷ء حزب اختلاف کے قائد رہے۔اس حیثیت سے ۲۳ جون ۱۹۷۴ء کو تیرہ ارکان اسمبلی کے دستخط کے ساتھ قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کے سلسلہ میں ایک قرارداد کا نوٹس سپیکر کو دیا۔قبل ازیں ۱۴ جون کو اس مقصد کے حصول کے لئے ملک بھر میں ہونے والی پہیہ جام ہڑتال کو کامیاب بنانے میں قیادت کی۔ اسلامی نظام کے نفاذ کی خاطر جدوجہد میں قیدوبند کی صعوبت کا سامنا کیا نیز لسانی بنیاد پر تقسیم کرنے والے رویہ کی حوصلہ شکنی ومخالفت کی جس کے باعث تشدد

انگلش میں بنام ''The Last Blow to Qadyaniyat'' تحریر کیا۔ 2013ء میں ڈاکٹر حامد علی علیمی (۱) نے اس انگریزی کتاب کو اُردو جامہ پہنا کر اردو خواں

اور دھمکیاں برداشت کیں اور استقامت دکھائی۔ سیاسی نیز تبلیغی اعمال میں مولانا شاہ احمد نورانی کے معاون و ہم سفر رہے۔ آپ جمعیت علمائے پاکستان کے سیکرٹری جنرل، پھر نائب صدر، قائم مقام صدر اور مولانا نورانی کی وفات کے بعد ۱۴ مارچ ۲۰۰۴ کو صدر رہوئے۔ جمعیت علماء پاکستان کا منشور ۲۴ ستمبر ۱۹۷۹ء کو جاری کیا گیا آپ منشور تیار کرنے والی کمیٹی کے چیئرمین تھے۔ نیز جمعیۃ الدعوۃ الاسلامیۃ العالمیۃ ورلڈ اسلامک مشن (World Islamic Mission) کے وائس چیئرمین تھے۔ چنانچہ اس کی طرف سے مولانا شاہ احمد نورانی اور مولانا عبدالستار خان نیازی کے ہمراہ یورپ، امریکہ، ساؤتھ افریقہ اور نیروبی، ماریشس وغیرہ ممالک کے تبلیغی دورے کئے۔ جس دوران قادیانی گروہ کا ردو تعاقب جاری رکھا۔ علاوہ ازیں آپ اعلیٰ سرکاری اداروں اسلامی نظریاتی کونسل نیز وفاقی زکوٰۃ کونسل کے تین سال تک رکن رہے۔

پروفیسر شاہ فرید الحق کی تصانیف ''دستور حکومت پاکستان و بھارت'' نیز ''جدید دساتیر عالم'' اور ''نظری سیاسیات'' وغیرہ کراچی یونیورسٹی کے نصاب میں شامل کی گئیں۔ علاوہ ازیں مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے ''کنز الایمان'' کی بنیاد پر قرآن مجید کا سات سال میں انگریزی ترجمہ کیا۔ ورلڈ اسلامک مشن کراچی کے دفتر سے ۱۹۷۶ء میں انگریزی ماہنامہ (The Message International) جاری کیا گیا تو یہ ترجمہ قرآن مجید اس میں شائع ہوتا رہا۔ پھر مکمل ترجمہ و متن اسی ادارے کی طرف سے طبع کرا کے دنیا بھر میں تقسیم کیا گیا۔ نیز مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی کے تفسیری حاشیہ ''خزائن العرفان'' کے ابتدائی دس پاروں کو انگریزی میں منتقل کیا جو مذکورہ بالا رسالہ میں ۱۹۹۰ء تا ۲۰۰۱ء کے شماروں میں مطبوعہ دیکھنے میں آیا۔ دیگر انگریزی تصانیف میں نماز کے موضوع پر آپ کی تحریر (The Prayer - Salat) عنوان سے ۸۲۔۱۹۸۱ء میں دی میسج میں قسط وار شائع ہوئی۔ اسی رسالہ کے نومبر دسمبر ۱۹۹۴ء شمارہ میں شاہ فرید الحق کے قلم سے ایک اور مضمون مندرجہ ذیل عنوان سے ہے:

Sending blessings and salutation to Prophet Muhammad. P. 28-30.

اور قادیانی فتنہ کی سرکوبی بارے ایک مضمون نومبر دسمبر ۱۹۷۶ء کے شمارہ میں حسب ذیل عنوان سے شائع ہوا۔

The Historic 1974 Movement. P. 23-26.

علاوہ ازیں اردو زبان میں کتاب ''قومی اسمبلی میں قادیانیت پر آخری ضرب'' نیز انگریزی میں (Last Blow to Qadianiat) لکھی جو ورلڈ اسلامک مشن کی طرف سے طبع کرا کے دنیا بھر میں تقسیم کی گئی۔

(عابد حسین شاہ پیرزادہ)

(۱) ڈاکٹر حامد علی علیمی بن علی احمد برکاتی ۱۴۰۳ھ بمطابق ۱۹۸۳ء میں کراچی میں پیدا ہوئے۔ کراچی یونیورسٹی سے اسلامی علوم میں پی۔ ایچ۔ ڈی کی سند پائی۔ تین زبانوں اردو، عربی، انگریزی میں تصنیف و تحقیق اور تراجم کے اعمال جاری ہیں۔ عربی سے حسب ذیل کتب کو اردو میں منتقل کیا۔

طبقہ کو اس تاریخی دستاویز تک رسائی دی۔ مزید برآں 1987ء میں

★ المعجم الصغیر، از امام ابو القاسم سلیمان بن احمد طبرانی (وفات ۳۶۰ھ بمطابق ۹۷۱ء) مخطوط۔

★ الخصال المکفرۃ للذنوب المتقدمۃ و المتأخرۃ، شیخ الاسلام شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی (وفات: ۸۵۲ھ بمطابق ۱۴۴۹ء) مخطوط۔

★ ابواب السعادۃ فی اسباب الشہادۃ، امام جلال الدین عبدالرحمن بن ابوبکر سیوطی (وفات ۹۱۱ھ بمطابق ۱۵۰۵ء) مطبوع۔

★ شرح الرسالۃ فی بیان الکبائر و الصغائر من الذنوب، امام زین الدین بن ابراہیم ابن نجیم مصری (وفات ۹۷۰ھ بمطابق ۱۵۶۳ء) مطبوع۔

★ لمعات الانوار فی المقطوع لہم بالجنۃ و المقطوع لہم بالنار، امام عبدالغنی بن اسماعیل نابلسی دمشقی (وفات ۱۱۴۳ بمطابق ۱۷۳۱ء) مطبوع۔

★ نظم الدریہ فی سلک شق القمر، شیخ عبدالحکیم بن امین اللہ، مطبوع۔

علاوہ ازیں مذکورہ ذیل عربی کتب پر تحقیق و تعلیق اور بعض کا اردو ترجمہ کیا۔

★ تفسیر السلسبیل، مولانا عبدالعزیز بن احمد پرہاروی ملتانی (المتوفی ۱۲۳۹ھ بمطابق ۱۸۲۳ء) مخطوط۔

★ نعم الوجیز فی اعجاز القرآن العزیز، مولانا عبدالعزیز پرہاروی، مخطوط۔

★ شرح عقد رسم المفتی، امام محمد امین بن عمر ابن عابدین دمشقی (المتوفی ۱۲۵۲ھ بمطابق ۱۸۳۶ء) مطبوع۔

★ التعلیقات الرضوی علی صحیح البخاری، مولانا احمد رضا خان قادری بریلوی (المتوفی ۱۳۴۰ھ بمطابق ۱۹۲۱ء) مشترکہ عمل، مطبوع۔

★ التعلیقات الرضویۃ علی فتاویٰ قاضی خان، مطبوع۔

★ التعلیقات الرضویۃ علی الفتاویٰ البزازیۃ، مخطوط۔

★ التعلیق الرضوی علی غنیۃ المتملی، مخطوط۔

★ التعلیقات الرضویۃ علی الفتاویٰ الھندیۃ، باب احکام المرتدین، مطبوع۔

جب کہ ڈاکٹر مولانا محمد فضل الرحمن انصاری قادری (وفات ۱۳۹۴ھ مطابق ۱۹۷۴ء) کے خطبات اور پروفیسر سید شاہ فرید الحق قادری (وفات ۱۴۳۳ھ بمطابق ۲۰۱۱ء) کی کتاب (Last Blow to Qadianiat) کا انگریزی سے اردو ترجمہ کیا جو شائع ہوئے۔

مزید یہ کہ امام ابو جعفر احمد بن محمد طحاوی حنفی (وفات ۳۲۱ھ بمطابق ۹۳۳ء)، مولانا احمد رضا خان بریلوی، مولانا محمد عبدالعلیم صدیقی (وفات ۱۳۷۳ھ بمطابق ۱۹۵۳ء)، اور جسٹس مفتی سید شجاعت علی قادری (وفات ۱۴۱۳ھ بمطابق ۱۹۹۴ء) کے احوال و آثار پر اردو میں مقالات و کتب ہیں۔ نیز قادیانیت کے تعاقب میں سرگرم ہیں۔

ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری (۱) نے اسی دستاویز کو عربی لباس پہنا دیا۔ مذکورہ تینوں شخصیات کا

---

(۱) ڈاکٹر مولانا جلال الدین احمد نوری بن محمد اسحاق ۵ ۱۳۷ھ بمطابق ۱۹۵۶ء میں کراچی میں پیدا ہوئے۔ بغداد یونیورسٹی سے ۱۹۷۶ء میں بی۔اے کیا۔ اور جامعہ ازہر قاہرہ میں اسلامی قانون میں ڈپلومہ نیز امام یونیورسٹی ریاض میں اسلامی دعوت کا کورس کیا اور تنظیم المدارس پاکستان کا نصاب ۱۹۸۱ء میں مکمل کر کے کراچی یونیورسٹی سے ۱۹۸۳ء میں ایم۔ اسلامیات و ایم۔اے عربی کی سند پائی۔ ۱۹۸۹ء میں کراچی یونیورسٹی سے ''الامام ابن دقیق العھد حیاتہ و آثارہ'' عنوان سے عربی مقالہ پر پی۔ ایچ۔ ڈی کی۔ اردو کے مقبول ہفت روزہ میگزین ''اخبار جہاں'' میں ''مشرق وسطیٰ کی سیاست'' کے عنوان سے کالم لکھتے رہے۔ اور جمعیۃ الدعوۃ الاسلامیۃ العالمیۃ (ورلڈ اسلامک مشن) کے صدر دفتر کراچی کے جاری کردہ عربی ماہنامہ ''الدعوۃ'' کے چیف ایڈیٹر رہے۔ جس دوران مولد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مناسبت سے متعدد خاص شمارے سامنے آئے۔ ورلڈ اسلامک مشن، فروغ و دفاع اسلام کے لئے سرگرم ایک غیر سرکاری تنظیم ہے۔ مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی اس کے سرپرست اور کویت کے سابق وزیر و شافعی وعالم و مرشد شیخ سید یوسف بن ہاشم رفاعی (وفات ۱۴۳۹ھ بمطابق ۲۰۱۸ء) معاون تھے۔ ڈاکٹر جلال الدین نوری ۱۹۸۸ء میں محکمہ تعلیم حکومت پاکستان میں لیکچرار ہوئے اور ۴ فروری ۲۰۰۱ء کو کراچی یونیورسٹی کے شعبہ علوم اسلامی کے چیئر مین پھر ۲ فروری ۲۰۰۹ء کو ڈین تعینات ہوئے۔ ان کے دور میں اس شعبہ میں متعدد علمی تحقیقی منصوبوں پر کام انجام دیا۔ نیز چوبیس سے زائد طلبہ وطالبات نے ان کی نگرانی میں ایم۔ فل اور پی۔ ایچ۔ ڈی کے مقالات پر تحقیق کے نتیجہ میں سند پائی۔

علاوہ ازیں اردو زبان میں تیرہ سے زائد تصنیفات ہیں۔ اور صوفی کبیر شیخ سید عبد القادر جیلانی حسنی بغدادی کی کتاب ''الغنیۃ لطالبی طریق الحق'' کی پہلی جلد پر تحقیق و ترجمہ وحواشی لکھے۔ نیز اردو، عربی، انگریزی زبان میں اسّی سے زائد مقالات پاک وہند نیز سعودی عرب و کویت کے رسائل واخبارات میں شائع ہوئے۔ عربی میں چند مقالات کے عنوانات و مقام اشاعت حسب ذیل ہیں:

- التکافل الاجتماعی فی الاسلام، روزنامہ ''المدینۃ المنورۃ'' جدہ، ۱۹۸۰ء۔
- النصیریۃ وافکار الھدامۃ، روزنامہ ''الریاض'' ریاض، ۱۹۸۰ء۔
- الایمان المشترک بین المسیحیۃ والاسلام، ہفت روزہ ''البلاغ'' کویت، ۱۹۸۰ء۔
- المسلمون فی جزر البحر الکاریبی جنوب امریکا، البلاغ، ۱۹۸۵ء۔
- اھمیۃ الاسناد فی الحدیث، ماہنامہ ''الدعوۃ'' کراچی، ۱۹۸۴ء۔
- الاسراء والمعراج، الدعوۃ، ۱۴۰۹ھ بمطابق ۱۹۸۹ء۔
- الامام ابراہیم النخعی واثرہ فی الحدیث، الدعوۃ، ۱۹۸۹ء۔
- التدلیس وحکمہ عند المحدثین، الدعوۃ، ۱۴۰۹ھ۔

تعارف ہمارے ممدوح عابد حسین شاہ پیرزادہ نے اُردو میں قلمبند کیا (جسے حاشیہ میں دیا گیا ہے) جس کا انگلش ترجمہ پروفیسر ڈاکٹر حافظ خورشید احمد قادری نے کیا جبکہ اس تعارفی تحریر کو عربی جامہ جانشین شرف ملت ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی نے پہنایا۔ یاد رہے ڈاکٹر جلال الدین نوری کا تحریر کردہ عربی نسخہ ہمارے بزرگ رائٹر، محقق خلیل احمد رانا نے عنایت کیا جو نوجوان محقق وقلمکار محمد ثاقب رضا قادری کی وساطت سے ہم تک پہنچا۔ اس ''خصوصی اشاعت'' کی تیاری کے جملہ مراحل میں مشفق ومہربان محمد ثاقب رضا قادری کا تعاون ہر لحہ ہمارے شامل حال رہا جس کی بدولت ہم کسی حد تک اس کی اشاعت پر کامیاب ٹھہرے۔ ہم نے حوالہ جات کی تخریج، پروف ریڈنگ، محققین سے نظر ثانی اور اشاعت کے جملہ مراحل میں حتی الامکان کوشش کی کہ کوئی سقم نہ رہے باوجودیکہ جو کمی ہوگی اس کی نسبت ہماری طرف ہوگی نہ کہ ہمارے اکابرین محققین کی طرف۔ اللہ کریم اس حقیر کاوش کو قبول فرمائے۔

- ★ الزواج بالکتابیات فی الشریعۃ الاسلامیۃ، الدعوۃ، اکتوبر دسمبر ۱۹۹۸ء۔
- ★ الدعوۃ الاسلامیۃ فی فیجی، الدعوۃ، اکتوبر ۱۹۹۸ء۔
- ★ الامام ابن دقیق العھد حیاتہ وآثارہ، ماہنامہ ''البعث الاسلامی'' لکھنؤ، ۱۴۱۴ھ بمطابق ۱۹۹۲ء، قسط وار۔
- ★ عبداللہ بن المبارک واثرہ فی الحدیث، مجلہ معارف اسلامیہ، جامعہ کراچی، نومبر ۱۹۹۹ء۔
- ★ الامام محمد حسن الشیبانی العراقی، مجلہ معارف اسلامیہ، ۲۰۰۰ء۔
- ★ الخطوط الرئیسیۃ لاقتصاد الاسلامی، مجلہ امام احمد رضا، کراچی۔

ڈاکٹر جلال الدین نوری کی عربی کتاب ''تطور اللغۃ العربیۃ فی المجتمعات الباکستانیۃ والھندیہ واھمیتھا'' دارالکتب العلمیۃ بیروت سے ۱۴۳۹ھ بمطابق ۲۰۱۸ء میں شائع ہوئی۔

جب ''الدعوۃ'' کراچی کے چیف ایڈیٹر تھے۔ تو اس مجلہ میں ردِ قادیانیت پر متعدد عربی تحریریں شائع کیں۔ نیز پروفیسر شاہ فرید الحق کی کتاب کا عربی ترجمہ کیا جو جمعیۃ الدعوۃ الاسلامیۃ العالمیۃ کراچی کے ہاں سے بنام ''القادیانیۃ اقلیۃ غیر مسلمۃ، القرار التاریخی للمجلس النیابی'' پہلی بار ۱۴۰۸ھ بمطابق ۱۹۸۷ء میں آپ کے جامع مقدمہ کے ساتھ شائع کی۔ پاکستان کے سرکاری ونجی اداروں نے ڈاکٹر مولانا جلال الدین احمد نوری کی علمی خدمات کے اعتراف میں آٹھ سے زائد ایوارڈ پیش کئے۔

غلطیاں معاف فرمائے اس ادنیٰ سعی کو نفع مند بنائے۔ فقیر پُر تقصیر کی اس تحریر میں جن بزرگوں کے اسماء گرامی آئے جو اس دار فانی سے دار بقاء کی طرف چل دیئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبور کو نور سے بھر دے اور جو بقید حیات ہیں اللہ کریم سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان ختم نبوت کے طفیل ان کا سایہ ملت اسلامیہ پر بصحت وسلامتی قائم رکھے۔ آمین

ہماری تحقیق کے مطابق ردقادیانیت کی تاریخ میں ''اِدَارَۃُ الْمُنْتَہٰی پاکستان'' کی اوّلین کاوش ہے کہ مجلہ ''اَلْمُنْتَہٰی'' کا خصوصی نمبر سہ زبانی (اُردو، انگلش، عربی) شائع ہورہا ہے۔ ایسی کاوش قبل ازیں ہماری فردوس نظر نہیں ہوئی۔ واللہ اعلم ورسولہ۔

غلام دستگیر فاروقی

بانی: ''اِدَارَۃُ الْمُنْتَہٰی پاکستان''

۲۲ رجب المرجب ۱۴۴۲ھ، بمطابق 7 مارچ 2021ء

کہنا ہے مجھے کچھ اپنی زباں میں

ڈاکٹر حافظ خورشید احمد قادری
(اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، لاہور)

پروفیسر شاہ فرید الحق (1933ء۔2011ء) کا شمار ساٹھ اور ستر کی دہائیوں کے حوالے سے مملکت خداداد پاکستان کے ان صحیح العقیدہ سیاست دانوں میں ہوتا ہے جو علم و تحقیق اور شائستگی کو سیاست کا جزو لاینفک جانتے تھے۔ شاہ صاحب نے پاکستان کی پارلیمانی تاریخ کے اہم ترین فیصلے ...... قادیانیوں اور احمدیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے ...... کو پارلیمانی زبان میں اس کے پس منظر سمیت بیان کر کے تاریخ پاکستان کے اہم ترین واقعہ کو Last Blow to Qadiyaniyat نامی ایک کتابچے کی صورت میں محفوظ کر دیا۔ سنجیدہ فکر اہل نظر میں سے ایک نام ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری نے اس رسالہ کو عربی میں ''القادیانیة اقلیة غیر مسلمة'' کے نام سے ترجمہ کر کے شائع کیا، کچھ عرصہ قبل ڈاکٹر حامد علی علیمی (پ 1983ء) نے اس دستاویز کو ''قادیانیت پر آخری ضرب'' کے نام سے اردو کے قالب میں ڈھال کر اردو خواں طبقہ کے لیے بھی ایک سہولت بہم پہنچا دی ہے۔ ''فدایانِ ختم نبوت'' کراچی نے یہ دو زبانی (Bilingual) کتابچہ شائع کیا تو اہل اشتیاق نے محسوس کیا کہ ایک اہم علمی ضرورت کو پورا کر دیا گیا ہے لیکن اہل تحقیق نے اس کی تحقیق، تصحیح، تخریج اور پیش کش کے حوالے سے کچھ تحفظات کا اظہار کیا۔ اصحاب تحقیق کے خدشات کو دور کرنے کا بیڑا نوجوان محقق، مدرس اور تحفظ ختم نبوت کے قلمی مجاہد خواجہ غلام دستگیر فاروقی (پ 1984ء) نے اٹھایا۔ فاروقی صاحب نے اپنے قلمی جہاد کا آغاز سہ ماہی ''المنتہیٰ'' کے اجراء سے اپریل

2017ء میں کیا۔ اب تک اس علمی و تحقیقی جریدے کے 13 شمارے اشاعت کے لبادے میں اہل فکر و نظر سے دادِ تحسین حاصل کر چکے ہیں۔

''اَلْمُنْتَہٰی'' کی خصوصی اشاعتیں بھی ایک خاص اعتباریت کی حامل ہیں۔ اس سلسلے کی ایک کڑی کے طور پر موجودہ سہ زبانی (Trilingual) اشاعت قارئین کے ذوقِ مطالعہ کی نذر کی جارہی ہے۔

''فدائیان ختم نبوت'' کراچی کے زیر اہتمام سامنے آنے والی دو زبانی اشاعت کا تحقیقی جائزہ لیا جائے تو اس کے اردو حصے کے درج ذیل قابل توجہ پہلو سامنے آتے ہیں۔

1۔ ''چراغ سے چراغ'' کے زیر عنوان ناظم اعلیٰ ''فدائیان ختم نبوت پاکستان (کراچی) شیخ عمران الحق نورانی نے اس مختصر کتاب کا ایک ''پیش لفظ'' حوالہ قرطاس کیا۔ یقیناً اسے بہت محبت اور محنت سے لکھا گیا لیکن اس کی دوسری سطر کا ایک جملہ کچھ مبہم سا محسوس ہوا: ''اللہ رب العزت کی خدائی انسان کی خالق ہے۔'' اگر خدائی سے مراد رب تعالیٰ کی قدرت ہے تو اس فقرے میں اس تکلف کی ضرورت ہی نہیں تھی سیدھا جملہ لکھا جا سکتا تھا کہ ''اللہ تعالیٰ انسان کا خالق ہے۔''

2۔ ''چراغ سے چراغ'' کے اسی پہلے صفحے پر آیۃ مبارکہ الله اعلم حیث یجعل رسالته (الانعام 124:6) کو حوالے کے بغیر لفظ ''اللہ'' سے شروع کرنے کے بجائے ''اھکو'' کے بے معنی لفظ سے شروع کیا گیا ہے۔

3۔ اسی صفحے پر تصحیح اغلاط کے مرحلے میں نظر انداز ہو جانے والے تسامحات بھی ریت کے ذرات کی طرح آنکھوں میں کھٹکتے ہیں۔

4۔ اس پیش لفظ کے دوسرے صفحے پر آیۃ مبارکہ کنتم خیر امۃ کا حوالہ سورۃ آل عمران 3:101 لکھا ہے۔

جسے ''آل عمران 3:101 ہونا چاہیے۔ اس آیۃ مبارکہ کے علاوہ دو حوالے اگرچہ غلط نہیں ہیں لیکن انہیں جدید علمی اور تحقیقی ضابطوں کے مطابق نہیں لکھا گیا۔ سورہ بقرہ: 87

کو ''البقرہ 2:87 اور سورۃ المائدہ 3: کو المائدہ 5:3 لکھنا بہتر ہے۔

5۔ پیش لفظ کے آخری صفحہ پر ''Qadianiat'' کا لفظ دو جگہ لکھا گیا ہے۔ Transliteration کے اصولوں کے مطابق اسے Qadiyaniyat لکھنا چاہیے۔

مؤلف کتاب ہذا پروفیسر شاہ فرید الحق کی خدمات پر 18 سطور زیب قرطاس کی گئیں جن میں املاء کی 18 ہی اغلاط موجود ہیں۔ ان کے علاوہ 34 صفحات پر مشتمل اردو حصے کے قریباً ہر صفحے پر اوسطاً املاء کی دو اغلاط ضرور موجود ہیں۔ آیات قرآنی کے حوالوں میں پیش لفظ والا تساہل متن اور ترجمہ دونوں میں موجود ہے۔ اس دو زبانی (Bilingual) رسالے کے انگریزی حصہ میں transliteration کے حوالے سے درج ذیل قابل توجہ پہلو موجود ہیں۔

Mohammad کو Muhammad

نسبت کے لیے لکھی جانے والی زیر کو "i" سے ظاہر کیا جاتا ہے لیکن اس اشاعت میں اکثر مقامات پر اسے ''e'' سے ظاہر کیا گیا ہے۔

Ulema-e-Pakistan کو Ulama-i-Pakistan ۔
Swad-e-Azam کو Swad-i-A'zam ۔
Nizam-e-Mustafa کو Nazam-i-Mustafa ۔
Muqam-e-Mustafa کو Muqam-i-Mustafa ۔
Qadianis کو Qadiyanis ۔ Al-Haj کو Al Hajj ۔
Mashie-Mauood کو Masih-i-Mauud ۔

His death came in the latrine of his house

درج بالا جملہ اس اعتبار سے درست نہیں ہے کہ مرزا غلام قادیانی کی موت قادیان یا کسی اور جگہ موجود اس کے گھر میں نہیں ہوئی تھی بلکہ احمدیہ بلڈنگ لاہور کے ایک حصے میں ہوئی جہاں وہ اپنے لاہوری معتقدین کا مہمان تھا۔ اس پر یہ کہنا کہ وہ ''اپنے گھر'' کے بیت الخلاء میں فوت ہوا حقیقت واقعہ کے خلاف ہے۔

9۔ Qadian کو Qadiyan 10۔ Ahmed کو Ahmad

11۔ Qur'an کو Quran لکھنا چاہیے تھا۔

''اِدَارَۃُ الْمُنْتَھٰی پاکستان'' کے زیر اہتمام جامعہ رحمت میں سالانہ بنیادوں پر عظیم الشان ختم نبوت کورس کا اہتمام بھی اس ادارہ کی پہچان ہے۔ جس میں وطن عزیز کے معروف علماء اور جدید اسکالرز عقیدہ ختم نبوت ورد قادیانیت پر علمی محاضرات سے نوازتے ہیں۔ ان لیکچرز کو سننے کے لیے جامعہ رحمت کے دروازے عام سامعین کے لیے کھول دیے جاتے ہیں۔ لاہور کے ڈاکٹرز، انجینئرز، پروفیسرز، وکلاء اور تاجر غرض ہر شعبہ زندگی کے سنجیدہ فکر لوگ ان کورسز میں شریک ہوتے ہیں۔

''اِدَارَۃُ الْمُنْتَھٰی پاکستان'' کے تحت ملک پاکستان کے مختلف شہروں اور دیہاتوں میں آگہی عوام کے لیے ختم نبوت کانفرنسز منعقد کی جاتی ہیں جن میں عوام الناس میں عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت کے شعور کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ نصف درجن تک ہو جانے والے ختم نبوت کے حوالے سے کورسز اور کانفرنسوں میں ردِ قادیانیت کے موضوع پر لٹریچر شرکاء میں مفت تقسیم کیا جاتا ہے۔

خواجہ غلام دستگیر فاروقی متعدد کتب کے مؤلف و مصنف ہیں۔ سہ ماہی مجلہ اَلْمُنْتَھٰی میں فاروقی صاحب ''عقیدہ ختم نبوت پر قرآنی اسلوب'' کے مستقل سلسلے کے تحت 10 اسلوب سپرد قلم کر چکے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی آپ کی تحریرات شامل اشاعت ہوتی رہتی ہیں۔ ''اَلْمُنْتَھٰی'' کے 13 شماروں کے علاوہ

1۔ آئینۂ قادیانیت

2۔ تاجدار گولڑہ اور جہاد ختم نبوت

3۔ ''پیش گوئیاں'' (فتنۂ قادیانیت کے متعلق اکابر صوفیہ وعلماء کے حقیقت پر مبنی مکاشفات)

4۔ کتابیات ختم نبوت (جلد اول)

5۔ انصاف کیجیے 6۔ سوز دل

جیسی دل کو چھو لینے والی تحریریں آپ کے قلم سے اشاعت پذیر ہو چکی ہیں۔

★ خواجہ غلام دستگیر فاروقی کے قلم سے قادیانیوں کی ختم نبوت کے حوالے سے قابل اعتراض اور توہین آمیز عبارات کا ایک مجموعہ ''آئینۂ قادیانیت'' کے نام سے مئی 2016ء میں سامنے آیا۔ قادیانی اہل قلم کی خرافات کا یہ مجموعہ 64 صفحات پر مشتمل ہے۔ حواشی اور حوالہ جات نے اس مختصر رسالے کو تحقیقی نقطہ نگاہ سے بہت معتبر دستاویز بنا دیا ہے۔

★ ''سوزِ دل'' کے نام سے فاروقی صاحب کے قلمی آنسو پہلی بار ستمبر 2017ء میں سامنے آئے۔ چودہ صفحات پر مشتمل اس مختصر رسالے کو اہل علم کی طرف سے اتنی پذیرائی نصیب ہوئی کہ اب تک اس کی تین اشاعتیں منصۂ شہود پر آ چکی ہیں۔

★ ایک اہل حدیث اسکالر ڈاکٹر سلیمان اطہر المعروف بہاؤالدین کی حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی (1859-1937ء) پر بے جا تنقید کے محاکمہ پر مبنی 86 صفحات پر مشتمل اعلیٰ اور مضبوط جلد والی کتاب ''تاجدار گولڑہ اور جہاد ختم نبوت'' جنوری 2018ء میں اشاعت پذیر ہوئی۔ اہل حدیث ڈاکٹر کی تنقید کی تنقیح کے ساتھ علامہ عبدالحکیم شرف قادری (1944-2007ء) کا دو ورقی مضمون ''پیر سید مہر علی شاہ گولڑویؒ اور معرکہ قادیانیت'' محمد متین خالد (پ 1960ء) کا متوسط مضمون ''حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑویؒ اور فتنۂ قادیانیت'' اور مولانا محمد صدیق ہزاروی (پ 1947ء) کی طویل تحریر ''حضرت پیر مہر علی شاہؒ اور ردِ قادیانیت'' بھی اس کتاب کی رونق کو بڑھا رہے ہیں۔

★ خواجہ غلام دستگیر فاروقی کے قلم سے ''فتنۂ قادیانیت کے متعلق اکابر صوفیہ و علماء کے حقیقت پر مبنی مکاشفات اور ''پیش گوئیاں'' کے نام سے 206 صفحات پر مشتمل ایک کتاب فروری 2018ء میں طبع ہوئی۔ یہ کتاب بہت دلچسپ اور ناقابل یقین حقائق کا بے نظیر مجموعہ ہے۔ مضبوط جلد بندی، اعلیٰ کاغذ اور شاندار طباعت نے اس کتاب کی اہمیت کو چار چاند لگا دیے ہیں۔ فاروقی صاحب کی دیگر تحریرات کی طرح حوالے اور حواشی کا اہتمام اس کتاب کی بھی پہچان ہے۔

★ جناب غلام دستگیر فاروقی کا سب سے شان دار، جاندار، طرح دار اور میدان تحقیق میں حوالے کا درجہ رکھنے والا کام ''کتابیات ختم نبوت'' ہے۔ یہ کتاب حسن صورت، حسن طباعت، حسن اشاعت، حسنِ تحقیق، حسن ترتیب اور حسن تدقیق کی عدیم النظیر مثال ہے۔ یہ تحقیقی مجموعہ 567 صفحات پر مشتمل ہے جس کی مضبوط جلد، عمدہ کاغذ اور شایان شان طباعت نے اس کی طبعی عمر میں پچاس برس کا اضافہ کر دیا ہے۔ ''کتابیات ختم نبوت'' کا ایک نمایاں پہلو یہ ہے کہ کئی غیر معروف مصنفین و مؤلفین کی تحریرات کو حسن ترتیب سے پیش کرنے کے ساتھ ساتھ بہت سے معروف اہل قلم کی غیر معروف تحریروں کو بھی اس میں نمایاں کیا گیا ہے۔ ''کتابیات ختم نبوت'' کی جلد اول میں صحیح العقیدہ علماء و محققین کی 500 کتب و رسائل کا تعارف زیب قرطاس ہے۔ اس پراجیکٹ کا سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ فاروقی صاحب اس کی جلد دوم پر تحقیق جاری رکھے ہوئے ہیں جس کے اکیسویں صدی کے اکیسویں برس زیور طباعت سے آراستہ ہونے کا قوی امکان ہے۔ وماتوفیقی الا باللہ۔

کتابیات ختم نبوت ''میں شخصیات کا چونکہ بکثرت ذکر ہے اس لیے مستقبل کے محققین کی سہولت اور اس کتاب کی اعتباریت کا تقاضا ہے کہ جہاں پہلی مرتبہ کسی شخصیت کا ذکر آئے اس کے ساتھ ہی قوسین میں مرحومین کا سالِ پیدائش و وفات اور بقید حیات محققین کے سال پیدائش کا ذکر کر دیا جائے۔ آیات قرآنی کے حوالے بھی جدید تحقیقی اصولوں کے مطابق لکھے جائیں تو کتاب کی قدر و قیمت میں اضافے کا باعث ہوگا۔ مصادر و مراجع کے حوالوں میں اگر سال اشاعت، مطبع اور شہر کا نام بھی شامل کر دیا جائے تو محققین متعلقہ مقام کا خود مطالعہ کرنے میں آسانی محسوس کریں گے۔

★ ماہ و سال کی قید کے بغیر 16 صفحات پر مشتمل ایک رسالہ ''انصاف کیجئے'' بھی فاروقی صاحب کے قلم کی جولانیوں کا مرقع ہے۔ اس میں خواجہ صاحب نے مرزا غلام قادیانی کی تحریروں سے ''توہین باری تعالیٰ'' توہین رسالت مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، توہین انبیاء

علیہم السلام، توہین صحابہ و اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین، توہین قرآن وسنت، توہین حرمین الشریفین اور توہین اولیاء عظام سے متعلق عبارات کو نقل کر کے اہل اسلام کو دعوت فکر دی ہے۔ ربّ العزت فاروقی صاحب کے قلم کو سلامت رکھے۔ آمین

کچھ اس تحریر کے بارے میں

پروفیسر سید شاہ فرید الحق رحمۃ اللہ علیہ

مجھے اس بات کی انتہائی خوشی ہے کہ میں اپنے مسلمان بھائیوں کے سامنے پاکستان کی قومی اسمبلی کے اُس تاریخی فیصلے کا پس منظر پیش کر رہا ہوں، جس میں قادیانیوں اور نام نہاد احمدیوں کو ''غیر مسلم'' قرار دیا گیا۔ میں نے اس میں مختصراً قادیان کے خود ساختہ نبی مرزا غلام احمد سے متعلق کچھ حقائق اور اُس کے نظریات بیان کرنے کی کوشش بھی کی ہے، جس نے قادیان کا نبی ہونے کا دعوی کیا۔ اگر چہ میں اپنے آپ کو دینی معاملات پر کچھ لکھنے کا مجاز نہیں سمجھتا، تاہم علامہ مولانا شاہ احمد نورانیؒ جو رُکن قومی اسمبلی پاکستان اور صدر جمعیت علماء پاکستان ہیں، اُن کی عمدہ قیادت نے نہ صرف مجھے متاثر کیا بلکہ حوصلہ دیا کہ میں اس مُشکل کام کا بیڑا اُٹھاؤں، آپ مبلغِ اسلام مولانا محمد عبد العلیم صدیقی کے فرزندِ ارجمند ہیں۔ مزید یہ کہ قادیانی فتنے کے خلاف علماءِ اہلسنت اور انجمن طلبہٴ اسلام کے کارکنوں کی اَن تھک کوششیں بھی اس تحریر کا سبب بنیں۔

مجھے عالم فاضل ہونے کا دعوی نہیں ہے۔ اس تحریر میں زبان و بیان میں غلطی ممکن ہے، اگر کوئی مسلمان بھائی مجھے اِن ممکنہ اغلاط کی اطلاع دے گا تو میں انہیں درست کر لوں گا۔ مَیں آخر میں اپنے رفیق جناب ظہور الحسن بھوپالی، جو صوبائی اسمبلی سندھ کے رُکن ہیں، کا شکر گزار ہوں، اس موضوع پر جن کا اُردو زبان میں رسالہ ہے، اس سے مجھے اہم مواد دستیاب ہوا۔ میں اپنے پرسنل سیکریٹری جناب ضیاء الاسلام زبیری صاحب کا بھی شکر گزار ہوں، جنھوں نے انتہائی جانفشانی سے اس رسالے کو ٹائپ کیا اور مفید مشورے بھی

دیے۔ میں اللہ تعالیٰ سے بوسیلۂ سیدنا محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا گو ہوں کہ میری اور تمام عالمِ اسلام کے مسلمانوں کی بخشش فرمائے اور ہمیں قادیان کے جھوٹے نبی، اس تحریک کی سازشوں اور اس کے اسلام دشمن عقائد و نظریات سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

قومی اسمبلی کا فیصلہ

اسلامی جمہوریہ پاکستان کی قومی اسمبلی نے مرزا غلام احمد قادیانی (پنجابی) کے ماننے والوں کو، چاہے لاہوری گروپ سے تعلق رکھتے ہوں یا احمدی گروپ سے، غیر مسلم اقلیت قرار دیا ہے، اس طرح پاکستان کے مسلمانوں کا دیرینہ مطالبہ منظور کرلیا گیا ہے۔ قومی اسمبلی کے اس فیصلے اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین میں اس سے متعلق کی گئی ترمیم کے مطابق مرزا غلام احمد قادیانی کے ماننے والوں کے حقوق کا تحفظ بالکل اسی طرح کیا جائے گا جس طرح پاکستان کی حدود میں بسنے والی دیگر اقلیتوں کا کیا جاتا ہے۔ یہ فیصلہ جو پاکستانی عوام کی درست خواہشات کے مطابق ہے، بڑا دیرینہ تھا۔ پاکستانی عوام ایک طویل عرصے سے اُن عجیب وغریب نبوت کے جھوٹے دعووں اور اپنے محبوب سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے خلاف ہرزہ سرائی کو برداشت کرتے رہے ہیں، جو اس جھوٹے اور بے حیا مذہب کی بنیاد ہے۔

مرزا غلام احمد کے مختصراً حالاتِ زندگی:

یہ ہوشیار اور جھوٹا شخص قادیان، ضلع گورداس پور (پنجاب انڈیا) میں 1839ء میں پیدا ہوا اور 1908ء میں مرا۔ یہ غداروں کی نسل سے تعلق رکھتا تھا، جس نے ہمیشہ مسلمانوں کو نقصان پہنچایا اور برطانوی سامراج کے ہاتھوں میں بطور کھلونا استعمال ہوئے۔ مرزا خود اس حقیقت کو اپنی ایک تحریر ''تحفۂ قیصریہ'' میں تسلیم کرتا ہے کہ اس کے باپ غلام مرتضٰی کے انگریز حکومت کے ساتھ بڑے اچھے تعلقات وروابط تھے۔ اس شخص

نے 1857ء کی جنگِ آزادی میں برِصغیر کے مسلمانوں کے خلاف، حکومتِ برطانیہ کے لیے خدمات انجام دیں، تاکہ مسلمانوں کو شکست دی جاسکے اور وہ برطانوی ظلم سے خود کو آزاد نہ کرواسکیں۔

مرزا غلام احمد اُس وقت کے مروجہ نظامِ تعلیم کے مطابق اردو، فارسی اور عربی زبان جانتا تھا۔ پہلے پہل اُس نے "مختار کار" کے عہدہ کے لیے کوشش کی، مگر اس امتحان میں بُری طرح سے ناکام ہوا۔ اس ناکامی سے اُسے بہت مایوسی ہوئی کیونکہ وہ برطانوی حکومت کے تحت کسی ملازمت کا حریص تھا۔ تاہم برطانیہ نے اس شخص کے ذریعے مسلمانوں کو تقسیم کرنے کا ارادہ کیا تاکہ وہ برِصغیر پر اپنے اقتدار کو اور مضبوط کرسکیں۔ انگریزوں نے مرزا کو "دینِ اسلام" کے نام پر ایک نیا کھیل کھیلنے کا کہا، تاکہ اس کی جھوٹی تبلیغ وغیرہ سے وہ اپنا مطلوب حاصل کرسکیں۔ اس شخص نے اپنی دعوت وتبلیغ کو خصوصاً جہاد کے خلاف استعمال کیا، کیونکہ برطانوی "جہاد" سے بہت خوف زدہ رہتے تھے۔ جہاد ایک دینی فریضہ ہے، جس نے پوری تاریخِ اسلامی میں مسلمانوں کو نظامِ ظلم اور کافروں کے خلاف ہتھیار اُٹھانے پر آمادہ کیا، اس بات سے قطعِ نظر کہ مسلمانوں کی طاقت وتعداد کیا تھی۔

مسلمانوں کی ہمدردی وحمایت اور اُن میں شُہرت حاصل کرنے کے لیے اس نے عیسائیوں اور آریوں سے اُن کے عقائد ونظریات پر مناظرے شروع کردیے۔ اس طرح اس نے نہ صرف بہت سا مال کمایا کیونکہ اس سلسلے میں مسلمانوں نے اُسے بہت سا مال دیا بلکہ عیسائیوں اور آریوں کے خلاف چند کُتب کی طباعت میں تعاون بھی کیا۔ ایک "مبلّغِ اسلام" کا درجہ حاصل ہونے کے بعد اس نے اپنا اصل کام کرنا شروع کیا اور اپنی "جھوٹی نبوت" کی بنیاد ڈالنا شروع کی۔ اس مقصد کے حصول کے لیے برطانیہ نے اُسے مکمل تحفظ فراہم کیا۔

ایک مشہور "مبلغِ اسلام" بننے کے بعد اس نے مختلف کُتب تحریر کیں اور خود کو اسلام کا "مجدد" قرار دیا۔ پنجاب کے لوگ فطرتاً مذہبی، حسّاس، علماءِ کرام، اولیاءِ کرام،

مبلغین اور مجدّد دین سے بڑی عقیدت ومحبت رکھنے والے ہیں۔ مسلمانوں نے اسے بھی بطور'' مبلغ و مصلح'' قبول کرلیا۔ لیکن علماءِ کرام اور اربابِ شریعت مرزا غلام احمد کی حرکتوں پر مستقل نظر رکھے ہوئے تھے۔ انہیں اس پر شروع سے ہی شُبہ تھا، کیونکہ یہ شخص جو مصلح ومجدد ہونے کا دعویٰ کرتا ہے یہ نہ تو مشہور عربی کا عالم ہے اور نہ ہی باقاعدہ تعلیم یافتہ عالم۔

بیسویں صدی کی ابتدا میں مرزا نے اپنا اصلی رنگ دکھایا اور مقاصد کا اظہار کیا، اُس نے دعویٰ کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تحت وہ مسیحِ موعود، ظلّی اور اُمتی نبی ہے، جسے براہِ راست اللہ تعالیٰ سے وحی آتی ہے۔ اس نے اپنی جھوٹی نبوت کو ثابت کرنے کے لیے دس لاکھ معجزات وکرامات کا دعویٰ کیا۔ چونکہ یہ شخص حکومتِ برطانیہ کا ایجنٹ تھا لہٰذا اس کا نیا مذہب حکومتِ برطانیہ کے زیرِ حکومت علاقوں میں اپنے قدم جمانے لگا۔ تُرکی، سعودی عرب اور افغانستان اس جھوٹے مذہب سے بالکل محفوظ رہے۔ مصر اور شام میں انقلاب آنے کے بعد اسے ملک سے نکال دیا گیا۔

برصغیر ہندو پاک کے علماءِ کرام نے فوراً اس کے دعوے کو چیلنج کیا اور اسے علماء کا سامنا کرکے اُن کے سوالوں کے جوابات دینے کو کہا تاکہ شکوک وشُبہات دور ہوسکیں۔ مرزا غلام احمد، جس کے پاس نہ کوئی مستند ثبوت تھا اور نہ سچے عقائد، علماء کرام سے عموماً بھاگ جاتا تھا، لیکن جب کبھی علماء کا سامنا کیا تو بُری طرح سے شکست اور ذلت کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کی ناکامی کی وجہ اپنے مقصد سے بددیانتی، غرور اور دائمی ذہنی بیماریاں تھیں۔

دوسری جانب یہ بات بھی ثابت شدہ ہے کہ ڈاکٹر کے بقول یہ شخص بنیادی طور پر بیمار اور شدید ذہنی مرض میں مبتلا تھا۔ 1908ء میں مرضِ ہیضہ سے مرا، اللہ تعالیٰ کی جانب سے بطور سزا اس کی موت استنجا خانے میں واقع ہوئی، کیونکہ اس نے اللہ تعالیٰ کے سچے دین کو بدنام کرنے کی کوشش کی تھی۔ یہ واقعہ اس کے بہت سے ماننے والوں کے لیے غفلت سے بیداری کا سبب بنا، جو اس کا جھوٹا مذہب چھوڑ کر بڑی تعداد

میں مسلمان ہوئے، لیکن اس کے باوجود کچھ لوگوں نے حکومتِ برطانیہ کی ایما پر مال ودولت اور اقتدار کی لالچ میں اس کھیل کو جاری رکھا اور لوگوں کو گمراہ کرتے رہے۔ دنیا کا ہر مسلمان جانتا ہے کہ "عقیدۂ ختم نبوت" اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نہایت واضح انداز میں ارشاد فرمایا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اُس کے آخری نبی ہیں جن کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آئے گا۔ درحقیقت اس بنیادی مسئلہ پر ایمان لانے کا معاملہ اتنا عالمگیر ہے کہ مسلمانوں کے تمام فرقے اس پر متفق ہیں۔ اس ایک مسئلہ پر ذرّہ برابر بھی اختلاف نہیں ہے اور نہ کبھی چودہ سو سالہ اسلامی تاریخ میں ہوا۔ مرزا غلام احمد نے اس بنیادی عقیدے پر حملہ کرنا چاہا تاکہ وہ مسلمانوں کو دو گروہوں میں تقسیم کر دے، ایک گروہ کی طاقت وقوت کا سرچشمہ مکہ مکرمہ ہو تو دوسرے کا قادیان۔ اس طرح مرزائی فتنہ نہ صرف برصغیر کے متحد مسلمانوں میں افتراق پھیلانے کی سازش بنا بلکہ پورے عالمِ اسلام کے متحد مسلمانوں کے خلاف بھی۔

مسلمانوں نے اس کے جھوٹے دعوے کو مسترد کیا، بلکہ مسلمان درحقیقت اس جھوٹے کی گستاخیوں اور دعووں پر اس قدر شدید غم وغصہ میں تھے کہ اگر وہ برطانیہ کی حفاظت میں نہ ہوتا تو وہ اِس جھوٹے نبی کو قتل کر کے اُسی طرح جہنم پہنچا دیتے جیسے حضرت وحشی رضی اللہ عنہ نے مسیلمہ کذاب کو اُس مقابلے میں قتل کر کے پہنچایا تھا، جو ملتِ اسلامیہ اور ملتِ مسیلمہ کے درمیان خلیفۂ اول حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں واقع ہوا تھا۔ اس جھوٹے مدعیِ نبوت نے مسلمانوں کے بنیادی عقائد کی بھی پروا نہ کی، بلکہ بڑے عیارانہ ومکارانہ انداز سے پوری شریعت مطہرہ اور ایمان کی ساخت کو ہی غیر مستحکم وبے بنیاد بنانے کی کوشش کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، آپ کے صحابہ کرام، اہلبیت اطہار، ازواجِ مطہرات، علماء وصوفیائے کرام کی شان میں گستاخی کو جاری رکھا۔ اس نے عیسائی رہنماؤں کا لحاظ بھی نہ کیا اور سیدنا مسیح علیہ السلام کی ذات پر گستاخانہ الزامات

لگائے۔ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کا مذاق اُڑایا، قرآن کریم کی من مانی تفسیر وتشریح بیان کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث کی حُجیت کا انکار کیا۔

علماءِ کرام نے مرزا غلام احمد کو کافر قرار دیا:

مرزا کے بے بنیاد دعووں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس پر جھوٹے الزامات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تمام علمائے اُمت اسلامیہ نے مرزا غلام احمد کو'' کافر و غیر مسلم'' قرار دیا۔

پاکستان میں مرزائیوں کی حرکتیں:

اس جھوٹے مذہب کے عزائم ومقاصد کو محسوس کرتے ہوئے اور اس کی گذشتہ تاریخ کا جائزہ لیتے ہوئے علماء کرام، خصوصاً علمائے اہلسنت نے پاکستان سے متعلق قادیانیوں کی وفاداریوں پر اپنے شکوک وشُبہات کا اِظہار کیا۔ علماء نے شروع دن سے ہی یہ مطالبہ کیا کہ مرزا غلام احمد کے ماننے والوں کو ایک غیر مسلم اقلیت قرار دیا جائے، ورنہ یہ لوگ سازشیں کر کے اس ملک کو کمزور کر دیں گے، جو سچے دین'' اسلام'' کے نام پر قائم کیا گیا ہے۔ بعد کے کچھ حالات وواقعات نے یہ ثابت کیا کہ یہ خدشہ حقائق پر مبنی تھا۔

ہر پاکستانی، چوہدری ظفر اللہ خان (1893-1985ء) کے کردار پر حیرت زدہ اور غصے میں تھا، یہ شخص قادیانیت کا وہی مشہور رہنما تھا جس نے گورداس پور کو پاکستان سے الگ کروایا تھا۔ پاکستان کے خلاف قادیانیوں نے مزید سازشوں کو بھی شروع کیا۔ ان کے ایک اور مشہور رہنما ایم۔ ایم احمد (1913-2002ء) نے پاکستانی معاشی منصوبہ اس طرح تیار کیا کہ ملک دو ٹکڑے ہو جائے اور دونوں خطوں کے مسلمانوں کے درمیان نفرت کا بیج بویا جائے۔ تقسیمِ پاکستان کا واقعہ اسی معاشی ناانصافی کی وجہ سے ہوا، جسے قادیانیوں نے تیار کیا تھا، پھر دنیا نے 1971ء میں'' سقوطِ ڈھاکہ'' کا افسوس ناک واقعہ بھی دیکھا۔ یہ واقعہ یقیناً قادیانیوں کے لیے ایک فتح اور اپنے بانی (غلام احمد قادیانی) کے مذموم مقاصد کی تکمیل

کی جانب ایک قدم تھا۔ تاریخِ پاکستان میں قادیانیوں کو ایک غیر مسلم اقلیت قرار دینے کے مطالبے، نامور علماء و مشائخ کی طرف سے بڑی ثابت قدمی سے کیے جاتے رہے، جن میں لاہور کے علامہ ابوالحسنات قادری (1896-1961ء)، کراچی کے مولانا عبدالحامد بدایونی (1901-1970ء)، مولانا عبدالستار خان نیازی (1915-2001ء) جنرل سیکریٹری جمعیت علماءِ پاکستان)، مولانا ابوالاعلیٰ مودودی (1903-1979ء)، مشہور دیوبندی عالم مفتی شفیع (1897-1976ء) اور مفتی محمود (1919-1980ء) وغیرہ شامل تھے، مگر حکومت نے اس مطالبے کی جانب کوئی توجہ نہ دی۔

قادیانیوں کے خلاف 1953ء کی مشہور تحریک:

جب اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے تمام کوششیں ناکام ہوئیں، جو مسئلہ لوگوں کے ذہنوں میں اضطراب پیدا کر رہا تھا، تو پاکستان کے مسلمانوں نے خصوصاً اہلِ پنجاب نے 1953ء میں اس جھوٹے مذہب کے خلاف ایک ملک گیر تحریک شروع کی۔ جلوس نکالے گئے اور سچے نبی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں نعرے بلند کیے گئے۔ علماءِ کرام کی سربراہی میں عوام نے حکومتِ پنجاب پر دباؤ ڈالا کہ وہ اُن کے قانونی مطالبے کو منظور کرے۔ حکومت نے مسئلہ کو حل کرنے کے بجائے، اس تحریک کو کچلنے کے لیے انتہائی اقدامات کرنے شروع کر دیے۔ پولیس کو حکم دیا گیا کہ وہ مجمع پر گولیاں چلائیں اور یوں ہزاروں مسلمان اپنے دین کی خاطر ان احتجاجی جلوسوں میں شہید کیے گئے۔ قادیانیوں نے بھی مسلمانوں کو بہیمانہ قتل کرنا شروع کیا، ہزاروں شہید کیے گئے اور ہزاروں کو جیل بھیج دیا گیا۔ بالآخر پورے پنجاب میں مارشل لاء نافذ کر دیا گیا۔ مارشل لاء کے تحت عدالتوں نے سخت سزائیں دیں اور کچھ مشہور و معروف رہنماؤں کو سزائے موت سُنائی گئی۔ ان افراد میں مولانا عبدالستار خان نیازی، مولانا خلیل احمد قادری ولد مولانا ابوالحسنات قادری وغیرہ شامل تھے۔ بہر حال مسلمانانِ پاکستان اور دنیا کے دیگر ممالک کے دباؤ پر ''سزائے موت'' کو ''عمر

قید" کی سزاؤں سے بدل دیا گیا۔

سانحۂ ربوہ اور اُس کے نتائج:

میڈیکل کے طلبہ کا ایک گروپ بذریعہ ٹرین سیر و تفریح کرنے کے لیے جا رہا تھا، 22 مئی 1974ء کو وہ ربوہ سے گزرے، جسے پاکستان میں قادیانیوں کا مرکز (ہیڈ کوارٹر) کہا جا سکتا ہے، یہاں اُن کے اپنے نام نہاد "خلیفہ" کے علاوہ پاکستانی عمل داری نہیں چلتی۔ طلبہ نے وہاں سے گزرتے ہوئے "ختمِ نبوت زندہ باد" کے نعرے لگائے۔ جب یہ طلبہ ۲۹ رمئی، ۱۹۷۴ء کو اُسی ٹرین سے واپسی میں ربوہ اسٹیشن سے گزرے تو ربوہ کے لوگ جو پہلے سے وہاں تیار کھڑے تھے، انہوں نے ان طلبہ پر چڑھائی کر کے مارنا شروع کر دیا، ٹرین وہاں رُکی رہی اور طلبہ کو بوگیوں سے گھسیٹ کر نکالا گیا اور بُری طرح سے پیٹا گیا، انہیں سخت تکالیف دی گئیں، جس کی وجہ سے کئی طلبہ بے ہوش ہو کر گر پڑے۔

یہ خبر پورے ملک میں جنگل کی آگ کی طرح پھیلی، اہلِ پنجاب، جہاں قادیانیوں نے یہ ظلم کیا تھا، خاص طور پر اس کے خلاف اُٹھے۔ ایک مرتبہ پھر مسلمانانِ پاکستان منظم ہو کر سامنے آئے تا کہ اس مسئلہ کو ہمیشہ کے لیے حل کر سکیں۔ پھر سے جلوس واحتجاج کا سلسلہ شروع ہوا اور مختلف اجتماعات منعقد کیے گئے، بہت سے مطالبات حکومت کے سامنے رکھے گئے۔ تمام فرقوں سے تعلق رکھنے والے علماءِ پاکستان نے ایک مرکزی ادارے کو قائم کیا جس کا نام "مرکزی مجلسِ تحفظِ ختمِ نبوت" رکھا، اس کا مقصد لوگوں کی بے چینی کو دور کرنا اور ان کی تحریک کو دیرینہ مسئلے کے مستقل حل کی جانب کوشش کرنا قرار پایا۔ کراچی کے مولانا یوسف بنوری (1908-1977ء) کو اس کا صدر، جبکہ حزب الاحناف لاہور کے مولانا محمود احمد رضوی ولد مولانا ابوالبرکات (1901-1978ء) کو اس کا جنرل سیکریٹری نامزد کیا گیا۔

اس تحریک کا آغاز بڑے پُرامن مگر پُختہ یقین اور اس عزمِ مصمّم کے ساتھ کیا گیا، کہ

اس بار یہ مسئلہ ہمیشہ کے لیے حل ہونا چاہیے۔حکومتِ پاکستان نے ایک مرتبہ پھر جارحانہ انداز سے جواب دیا، علماء وطلبہ کو گرفتار کیا گیا۔ مسلسل آنسو گیس کا استعمال اور لاٹھی چارج کیا گیا، مگر لوگ جن کے ذہنوں میں ۱۹۵۳ء کی تازہ یادیں تھیں، انہوں نے خود کو سنبھالا اور حکومت کو پھر یہ موقع نہیں دیا کہ وہ ایک مرتبہ پھر مارشل لاء نافذ کرے اور اس معاملہ کو دبا سکے۔ لوگوں کا یہ پُر امن اور پختہ عزم بالآخر بار آور ہوا اور حکومت نے اس معاملہ کو قومی اسمبلی میں بھیج دیا۔

اس فیصلے کا اعلان پاکستان کے وزیرِ اعظم جناب ذو الفقار علی بھٹو (1928-1979ء) نے اُس وقت کیا جب مرکزی مجلسِ تحفظِ ختمِ نبوت کے اعلان پر ملک گیر ہڑتال کی جا رہی تھی۔ وزیرِ اعظم نے اعلان کیا کہ اس مسئلہ کو قومی اسمبلی کے سامنے ۳۰ / جون، ۱۹۷۴ء کو پیش کیا جائے گا۔ اگرچہ یہ وعدہ کرلیا گیا تھا، تاہم پورے ملک کے لوگ ہوشیار رہے اور اس معاملہ پر مستقل نظر رکھے رہے۔ علماء وطلبہ نے ملک کے طول وعرض میں جا کر تقاریر کیں۔ جلوس نکالے گئے، یہ تمام چیزیں اس مسئلہ میں علماء وطلبہ کے اخلاص کا پتہ دیتی نظر آتی ہیں۔ حکومت ان پُر امن احتجاجوں سے بھی ناخوش ہوئی اور کئی رہنماؤں اور ہزاروں مسلمانوں کو قید میں ڈال دیا۔ اہلسنت کے ایک نامور عالم مولانا محمود شاہ صاحب (گجرات والے) نے لوگوں کو مزید تقویت بخشی اور رہا ہونے سے انکار کردیا، جس کی پاداش میں انہیں ملک کی مختلف جیلوں میں اذیتیں دی گئیں۔

قومی اسمبلی کا تاریخی فیصلہ:

۳۰ / جون ۱۹۷۴ء کو مسلمانانِ پاکستان کی ایک طویل جدو جہد کے بعد، سارا معاملہ پاکستان کی قومی اسمبلی کے سامنے دو قراردادوں کی صورت میں پیش کیا گیا۔ ان میں سے ایک قرارداد اُس وقت کے وزیرِ قانون جناب عبد الحفیظ پیرزادہ نے پیش کی جبکہ دوسری حزبِ اختلاف نے، جسے مولانا شاہ احمد نورانی نے آگے بڑھایا، جو حزبِ اختلاف کے

پارلیمانی گروپ کے سیکریٹری اور جمعیت علماءِ پاکستان کے پارلیمانی گروپ کے رہنما اور جمعیت علماءِ پاکستان کے صدر بھی ہیں۔

یہ بھی قابلِ ذکر بات ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ایسا ہوا کہ سوادِ اعظم مسلک حق اہلسنت کے چار علماء پاکستان کی قومی اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے اور یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ مولانا شاہ احمد نورانی (1926-2003ء) نے آئینِ پاکستان میں "مسلمان" کی تعریف شامل کرنے اور "اسلام" کو پاکستان کا ریاستی مذہب قرار دینے کا مطالبہ کیا۔ بلاشبہ ان دونوں معاملات کی حمایت پوری حزبِ اختلاف نے کی، جس میں علماءِ دیوبند اور جماعتِ اسلامی کے وہ ممبران شامل تھے جنہوں نے شانہ بہ شانہ کام کیا تھا تاکہ یہ تجاویز منظور ہو کر آئینِ پاکستان کا حصہ بن جائیں۔

اب یہاں ہم "قادیانیوں اور نام نہاد احمدیوں" کی آئینی حیثیت بیان کرتے ہیں، یہ لوگ آئینِ پاکستان میں موجود مسلمان کی تعریف کے مطابق یقیناً کافر و غیر مسلم ہیں۔ یہ بھی جناب عبد الحفیظ پیرزادہ (1935-2015ء) کی جانب سے پیش کردہ حکومتی قرارداد کا ایک اہم نکتہ تھا۔ قائدِ حزبِ اختلاف مولانا شاہ احمد نورانی کی پیش کردہ قرارداد پر اپوزیشن کے ۳۷ ارکان نے دستخط کیے، جن میں نیشنل عوامی پارٹی، مفتی محمود (جمعیت علماءِ اسلام)، جماعت اسلامی کے پروفیسر غفور (1927-2012ء)، چوہدری ظہور الٰہی (1921-1981ء) اور آزاد اُمیدوار حاجی مولیٰ بخش سومرو شامل ہیں۔

حزبِ اختلاف (Opposition) کی قرارداد:

- ہرگاہ کہ یہ ایک مکمل مسلمہ حقیقت ہے کہ قادیان کے مرزا غلام احمد نے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد نبی ہونے کا دعویٰ کیا۔
- نیز ہرگاہ کہ نبی ہونے کا اس کا جھوٹا اعلان، بہت سی قرآنی آیات کو جھٹلانے اور جہاد کو ختم کرنے کی اس کی کوششیں، اسلام کے بڑے بڑے احکام کے خلاف غداری تھی۔

- نیز ہر گاہ کہ وہ سامراج کی پیداوار تھا اور اس کا واحد مقصد مسلمانوں کے اتحاد کو تباہ کرنا اور اسلام کو جھٹلانا تھا۔
- نیز ہر گاہ پوری اُمتِ مسلمہ کا اس پر اتفاق ہے کہ مرزا غلام احمد کے پیرو کار چاہے وہ مرزا غلام مذکور کی نبوت کا یقین رکھتے ہوں یا اُسے مصلح یا مذہبی رہنما کسی بھی صورت میں گردانتے ہوں، دائرۂ اسلام سے خارج ہیں۔
- نیز ہر گاہ کہ ان کے پیرو کار، چاہے انہیں کوئی بھی نام دیا جائے، مسلمانوں کے ساتھ گھل مل کر اور اسلام کا ایک فرقہ ہونے کا بہانہ کر کے اندرونی اور بیرونی طور پر تخریبی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔
- نیز ہر گاہ کہ عالمی مسلم تنظیموں کی ایک کانفرنس میں جو کہ مکۃ المکرمہ کے مقدس شہر میں رابطۃ العالم الاسلامی کے زیر انتظام چھ (6) اور دس (10) /اپریل 1974ء کے درمیان منعقد ہوئی اور جس میں دنیا بھر کے تمام حصوں سے ایک سو چالیس (140) مسلمان تنظیموں اور اداروں کے وفود نے شرکت کی، متفقہ طور پر یہ رائے ظاہر کی گئی کہ قادیانیت اسلام اور عالمِ اسلام کے خلاف ایک تخریبی تحریک ہے، جو ایک اسلامی فرقہ ہونے کا دعویٰ کرتی ہے۔
- اب اس اسمبلی کو یہ اعلان کرنے کی کارروائی کرنی چاہیے کہ مرزا غلام احمد کے پیروکار انہیں چاہے کوئی بھی نام دیا جائے، مسلمان نہیں اور یہ کہ قومی اسمبلی میں ایک سرکاری بل پیش کیا جائے تاکہ اس اعلان کو مؤثر بنانے کے لیے اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کی ایک غیر مسلم اقلیت کے طور پر ان کے جائز حقوق و مفادات کے تحفظ کے لیے احکام وضع کرنے کی خاطر آئین میں مناسب اور ضروری ترمیمات کی جائیں۔

اس قرارداد پر مندرجہ ذیل ارکان نے دستخط کیے تھے:

۱۔ مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی (1926-2003ء)

۲۔ مولانا مفتی محمود (1980-1919ء)

۳۔ مولانا عبدالمصطفیٰ الازھری
۴۔ پروفیسر غفور احمد (1927-2012ء)
۵۔ مولانا سید محمد علی رضوی
۶۔ مولانا عبدالحق اکوڑہ خٹک (1912-1988ء)
۷۔ چوہدری ظہور الٰہی (1921-1981ء)
۸۔ سردار شیر باز مزاری (1930-2020ء)
۹۔ مولانا ظفر احمد انصاری (1908-1991ء)
۱۰۔ جناب عبدالحمید جتوئی (1922-2004ء)
۱۱۔ صاحبزادہ احمد رضا قصوری (پ1940ء)
۱۲۔ جناب محمود اعظم فاروقی
۱۳۔ مولانا صدر الشہید
۱۴۔ مولانا نعمت اللہ
۱۵۔ جناب عُمرا خان
۱۶۔ مخدوم نور محمد
۱۷۔ جناب غلام فاروق
۱۸۔ سردار مولیٰ بخش سومرو
۱۹۔ سردار شوکت حیات خان (1915-1995ء)
۲۰۔ راؤ خورشید علی خان
۲۱۔ رئیس عطا محمد مری (1937-1998ء)
۲۲۔ حاجی علی احمد تالپور (1915-1987ء)

اس کے بعد حسبِ ذیل ارکان نے بھی قرارداد پر دستخط کیے:

۲۳۔ نوابزادہ میاں محمد ذاکر قریشی
۲۴۔ جناب کرم بخش اعوان
۲۵۔ مہر غلام حیدر بھروانہ
۲۶۔ صاحبزادہ صفی اللہ
۲۷۔ ملک جہانگیر خان
۲۸۔ جناب اکبر خان مہمند

۲۹۔حاجی صالح خان
۳۰۔خواجہ جمال محمد کوریجہ
۳۱۔جناب غلام حسن خان دھاندلہ
۳۲۔صاحبزادہ محمد نذیر سلطان
۳۳۔میاں ابراہیم برق
۳۴۔صاحبزادہ نعمت اللہ خان شنواری
۳۵۔جناب عبدالسبحان خان
۳۶۔میجر جنرل جمالدار
اور ۳۷۔جناب عبدالمالک خان۔

قومی اسمبلی اور قراردادیں:

قومی اسمبلی نے یہ دونوں قراردادیں تمام ارکان پر مشتمل کل ایوانی خصوصی کمیٹی کے سپرد کیں تاکہ ان پر تفصیل سے بحث کے بعد اس کی حتمی رپورٹ پیش کرے۔ اس خصوصی کمیٹی نے بعد میں ایک اور خصوصی کمیٹی ترتیب دی جو قومی اسمبلی میں موجود مختلف جماعتوں کے رہنماؤں پر مشتمل تھی۔ جمعیت علماءِ پاکستان سے مولانا شاہ احمد نورانی، جماعتِ اسلامی سے پروفیسر غفور احمد، جمعیت علماءِ اسلام سے مفتی محمود، مسلم لیگ سے چوہدری ظہور الٰہی اور آزاد گروپ کی جانب سے مولیٰ بخش سومرو نے حزبِ اختلاف کی طرف سے نمائندگی کی، جبکہ حکومت کی جانب سے جناب عبدالحفیظ پیرزادہ اور مولانا کوثر نیازی (1934-1994ء) نے حکومتی نقطۂ نظر کی نمائندگی کی۔

ان دونوں کمیٹیوں نے اپنا کام شروع کیا، جبکہ اسمبلی سے باہر لوگوں کا احتجاج جاری رہا۔ پولیس کا رویہ روز بروز ظالمانہ ہوتا گیا۔ بحیثیت آخری نبی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ''ختمِ نبوت'' پر کسی کو تقریر کرنے کی اجازت نہ تھی، مساجد میں بھی لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر پابندی لگا دی گئی تھی۔ دفعہ 144 کا نفاذ پورے ملک میں کر دیا گیا تھا، جس کے تحت ایک جگہ پر چار یا چار سے زیادہ افراد کے اجتماع پر پابندی تھی۔ اخبارات و جرائد وغیرہ میں اس مسئلہ سے متعلق مسلمانوں کے احساسات و جذبات شائع کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی تھی۔ ان تمام تر پابندیوں کے باوجود لوگوں کی

جدوجہد جاری رہی، جو یہ فیصلہ کر چکے تھے کہ اپنا سب کچھ محبوب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان کردیں گے۔ پورا پاکستان خصوصاً اہلِ پنجاب نے اس مسئلہ کو حل کروانے کے لیے گویا اپنا تمام تر چین وسکون اور آسائشوں کو ترک کیا یہاں تک کہ بھوک و پیاس کی تکالیف بھی برداشت کیں، کچھ لوگوں نے اس مقصد کے حصول کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ بھی پیش کیا، جن کی تعداد تقریباً چالیس ہے، جبکہ ہزاروں کو قید و بند کی صعوبتیں جھیلنی پڑیں۔ اس سلسلے میں خصوصی خراجِ عقیدت سوادِ اعظم اہلسنت کے علماء ومشائخ کو پیش کرنا ضروری ہے، جنہوں نے مولانا عبد الستار خان نیازی اور مولانا محمود احمد رضوی وغیرہم کی سربراہی میں اپنا کردار ادا کیا، مولانا عبد الستار خان نیازی جمعیت علماء پاکستان کے جنرل سیکریٹری تھے۔ اسی طرح سوادِ اعظم کی طلبہ تنظیم "انجمن طلبۂ اسلام" بھی مبارک باد کی مستحق ہے، اللہ تعالیٰ سب پر اپنی رحمت ورضوان کی بارش نازل فرمائے۔

مولانا شاہ احمد نورانی اور مولانا عبد المصطفیٰ الازہری دو محاذوں پر کوشش کر رہے تھے، ایک جانب قومی اسمبلی اور اُس کی خصوصی کمیٹی میں اور دوسری جانب اس سے باہر ملک بھر میں لوگوں کے درمیان۔ لوگوں نے تمام تر پابندیوں کے باوجود ان حضرات کا بڑے والہانہ انداز میں خیر مقدم کیا اور ان کے گرد ایک بہت بڑی تعداد میں جمع ہو جاتے، جہاں انہیں طلب کیا جاتا۔ یہ دونوں حضرات دن میں کمیٹی کی کارروائیوں میں حصہ لیتے جبکہ رات میں لوگوں کے پاس دور دراز علاقوں میں جا کر تقاریر کرتے۔ اسلام آباد میں تین ماہ قیام کے دوران ان حضرات نے صرف صوبۂ پنجاب میں تقریباً چالیس ہزار میل کا سفر کیا۔ سوادِ اعظم مسلک حق اہلسنت، قومی اسمبلی کے چار علماء اہلسنت کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہے، جن لوگوں نے بے لوث کوششوں کے ذریعے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم وتوقیر اور مقام ومرتبہ کو واضح کیا، ان میں مولانا شاہ احمد نورانی، مولانا عبد المصطفیٰ الازہری، مولانا سید محمود علی رضوی اور مولانا محمد ذاکر صاحب (رحمہم اللہ تعالیٰ اجمعین) شامل ہیں، سوادِ اعظم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ

میں دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی عمر دراز کرے تاکہ یہ دینِ اسلام اور مسلمانانِ عالم کی خدمت کریں۔

کمیٹی کی کارروائیاں:

کمیٹی نے اپنی کارروائی اس مسئلہ کے مختلف پہلوؤں پر غور وخوض سے شروع کی۔ اسی دوران ربوہ کے مرزا ناصر (1909-1982ء) اور لاہور کے صدر الدین (1818-1981ء) نے کمیٹی سے درخواست کی کہ انہیں اپنے موقف کے دفاع میں گفتگو کا موقع دیا جائے۔ کمیٹی نے یہ درخواست منظور کی اور اپنے نقطۂ نظر کو کمیٹی کے سامنے پیش کرنے کو کہا۔ سب سے پہلے مرزا ناصر پیش ہوا، اُس نے ایک تحریری بیان پیش کیا جو در اصل اُس کا محضر نامہ تھا۔ اٹارنی جنرل جناب یحییٰ بختیار (1921-2003ء) نے تقریباً گیارہ روز تک اس محضر نامے پر جرح کی اور سوال اور جوابی سوال کیا۔ اٹارنی جنرل نے جو سوالات پوچھے انہیں کمیٹی کے ممبران خصوصاً علماء نے ترتیب دیا تھا۔ کارروائی کی تفصیلات کو یہاں ظاہر نہیں کیا جاسکتا، اس لیے کہ اسپیکر قومی اسمبلی کے حکم پر کمیٹی کی تمام کارروائی کو خُفیہ رکھنے کو کہا گیا ہے اور تمام ارکان سے بھی گزارش کی گئی ہے کہ وہ اسے ظاہر نہ کریں۔

تاہم اتنا کہا جاسکتا ہے کہ مرزا ناصر نے کمیٹی کے سامنے اپنے عقائد ونظریات کا بیان کرتے ہوئے واضح طور پر یہ تسلیم کیا کہ اُن کے عقیدے کے مطابق مرزا غلام احمد (1839-1908ء)، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد مسیحِ موعود اور اُمتی نبی ہے۔ قومی اسمبلی کے وہ ممبران جو اِس مذہب سے ناواقف تھے انہیں اس مذہب کی حقیقت جاننے کے لیے مرزا ناصر کا یہ اقرار ہی کافی تھا کیونکہ اس اقرار کے مطابق درحقیقت قادیانی غیر مسلم اور کافر ہیں، کہ اُس مذہب کی پیروی کررہے ہیں جو اسلام اور اس کی تعلیمات سے متصادم ہے۔

کمیٹی کو اس مسئلہ پر فیصلہ دینے میں تین ماہ لگے، قادیانیوں کو اپنی صفائی اور دفاع کا پورا موقع دیا گیا مگر وہ علماءِ کرام کے مضبوط دلائل کے سامنے اُسی طرح ناکام ہوئے جس طرح اُن کے سردار مرزا غلام احمد کو علماءِ کرام سے بُری طرح شکست کا سامنا

کرنا پڑا تھا۔ ۶/ستمبر ۱۹۷۴ کو خصوصی کمیٹی کے ممبران کی وزیرِ اعظم جناب ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ چار طویل نشستوں کے بعد، اُس تاریخی فیصلے کا وقت آخر آ ہی گیا، چنانچہ ۷/ستمبر کو پوری قوم فیصلے کے انتظار میں تھی، بڑی بے چینی کی کیفیت تھی۔ لوگ ریڈیو اور ٹیلی وژن کے سامنے فیصلہ سُننے کے لیے بیٹھے تھے۔ تجارتی، سیاسی اور تعلیمی مراکز الغرض تمام جگہوں پر لوگوں کے ذہنوں میں صرف قومی اسمبلی کے اسی فیصلے کا ذکر تھا۔ اس دن تین بج کر تیس منٹ پر خصوصی کمیٹی نے اپنا متفقہ فیصلہ قومی اسمبلی کو پیش کیا۔ رپورٹ کو قبول کیا گیا اور اُس کے مطابق آئین میں ترمیم ہوئی۔ اُسی دن شام سات بجے سینیٹ نے بھی اس کی منظوری دے دی۔ اس طرح وہ تاریخ ساز فیصلہ ہوا کہ قادیانی اور لاہوری ایک غیر مسلم اقلیت ہیں۔

لوگوں کی چار ماہ کی اَن تھک جدوجہد بالآخر اس تاریخ ساز فیصلے پر منتج ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت وہدایت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظرِ کرم سے اہلیانِ پاکستان اس قابل ہوئے کہ انہوں نے مرزائی فتنے کا پردہ چاک کیا۔ یہ یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے جس کا سہرا عوام اور علماء کرام کے سر ہے، کیونکہ شروع میں بظاہر حکومت کی کوئی خواہش نظر نہیں آ رہی تھی کہ وہ اس معاملہ کی نزاکت کو سمجھے۔ بظاہر اس حکومت سے اُمید کی کوئی کرن نظر نہیں آتی تھی، جو نام نہاد سوشلسٹ افراد پر مشتمل تھی، کہ وہ اس معاملہ پر لوگوں کے مطالبہ پر متفق ہو جائیں۔ برسرِ اقتدار پارٹی کے اکثر ارکان نے اس معاملہ کو زیادہ سنجیدگی سے نہیں لیا تھا، کیونکہ ان لوگوں کے خیال میں یہ محض ایک فرقہ وارانہ مسئلہ تھا۔ یہ تو تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے چھوٹے، بڑے، جوان و پیرانہ سال مسلمانوں کی ہمت اور حوصلہ تھا، کہ حکومت مجبور ہوئی اور برصغیر کے مسلمانوں کے بنیادی اور دیرینہ مطالبے کو تسلیم کیا۔

پاکستان کی قومی اسمبلی، جو اکثریت میں پاکستانی مسلمانوں کی نمائندہ ہے، نے ایک نہایت درست اور جمہوری فیصلہ کیا۔ کیونکہ اگر برطانوی پارلیمنٹ، سکھوں کی پوزیشن کا تعین کر سکتی ہے اور پروٹسٹینٹ (Protestant) فرقے کے خلاف کسی قسم کی گفتگو کی

اجازت نہیں دے سکتی، اسی طرح نام نہاد ترقی یافتہ اشتراکی ممالک (Socialist Countries) مثلِ روس اور چین کسی طرح بھی Communism، کارل مارکس، لینن اور ماؤ (Mao) کے خلاف کسی قسم کی گفتگو سُننا گوارا نہیں کر سکتے، تو ملکِ پاکستان، جو خالصتاً نظریاتی طور پر اسلامی ریاست ہے، اور اس کی قومی اسمبلی کو، اُن لوگوں کے بارے میں گفتگو اور اُن کا مقام متعین کرنے سے کیا چیز روک سکتی ہے، جو اسلام اور اُس کے بنیادی عقائد کے خلاف اسلام کا لبادہ اوڑھ کر کام کر رہے ہیں۔ اگر اسلام ایک مذہب ہے تو سوشلزم اور کمیونزم بھی ایک مذہب ہے۔ دونوں میں فرق یہ ہے اسلام میں محمد رسول اللہ ﷺ کے ذریعے اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا جاتا ہے جو اس جہاں کا خالق اور پروردگار ہے، سوشلزم میں مخلوق پر ایمان لایا جاتا ہے جیسے کارل مارکس (1818-1883ء)، لینن (1870-1924ء) اور ماؤ (1893-1976ء)۔ اسلام اور سوشلزم دونوں بندگی کی تبلیغ کرتے ہیں، اسلام اللہ تعالیٰ کی جبکہ سوشلزم انسانوں کی جیسے مارکس اور لینن وغیرہ۔

پاکستان ایک اسلامی جمہوری ریاست ہے، یہاں کا ریاستی مذہب ''اسلام'' ہے۔ کسی بھی اسلام کے دعویدار کو مسلمانوں کے بنیادی عقائد کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، اسلام تحمل و بردباری کی تعلیم دیتا ہے۔ مسلمان اپنے ظاہر میں، مسلمانوں اور غیر مسلم کے لیے فراخ دل (Liberal) ہے، لیکن اُن لوگوں کے لیے ہرگز نہیں جو دعوئ اسلام کے باوجود اسلام کو بدنام اور اسے نقصان پہچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ نہ اُن لوگوں کے لیے جو رسول اللہ ﷺ کی شان میں ایسے توہین آمیز کلمات کہتے ہیں کہ جن کی جسارت ایک غیر مسلم بھی نہیں کرے گا۔

لہٰذا یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کا اولین فرض تھا کہ وہ محمد رسول اللہ ﷺ کے مقام و مرتبے کا آئینِ پاکستان میں تحفظ کریں۔ یہ کام انجام پا چکا ہے اور اس مقدس کام کے انجام پر قومی اسمبلی کے تمام ارکان، پوری ملتِ اسلامیہ کی جانب سے ''دلی مبارک باد'' کے مستحق ہیں۔

اس تاریخی فیصلہ کے بعد قادیانیوں اور نام نہاد احمدیوں نے مسلمانانِ پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا شروع کیا اور خصوصاً پاکستان کی قومی اسمبلی کے اس دانشمندانہ فیصلے کے خلاف پروپیگنڈا کر رہے ہیں۔ یہ لوگ عالمِ اسلام کے مسلمانوں کی آنکھوں میں دُھول جھونکنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں، وہ اس طرح کہ اپنی باطل تعلیمات اور اصل حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کر رہے ہیں، نیز اس طرح وہ بہت سے مسلمانوں کو بہکا بھی چکے ہیں۔

اسی لیے ایسے بھکے ہوئے مسلمانوں کی ہدایت و رہنمائی کے لیے اور دیگر لوگوں کی معلومات کے لیے اب ہم پاکستان قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی کی وہ رپورٹ اور ترامیم کا بل، نیز قادیانیوں اور نام نہام احمدیوں کے بنیادی عقائد کا ذکر بھی ذیل میں کرتے ہیں۔

قرارداد کا متن:

قومی اسمبلی کے پورے ایوان کی خصوصی کمیٹی قرار دیتی ہے کہ حسبِ ذیل سفارشات غور وخوض اور منظوری کے لیے قومی اسمبلی کو بھیجی جائیں۔ پورے ایوان کی خصوصی کمیٹی جسے اس کی رہبر کمیٹی اور سب کمیٹی کی مدد حاصل تھی، اپنے سامنے یا قومی اسمبلی کی طرف سے حوالے کی جانے والی قراردادوں پر غور کرنے اور دستاویزات اور گواہوں بشمول سربراہانِ انجمنِ احمدیہ ربوہ وانجمنِ احمدیہ اِشاعتِ اسلام لاہور کے بیانات کا جائزہ لینے کے بعد قومی اسمبلی کے سامنے درج ذیل سفارشات پیش کرتی ہے:

(الف) کہ پاکستان کے آئین میں حسبِ ذیل ترمیم کی جائے:

(اول) دفعہ 106 (3) میں قادیانی جماعت اور لاہوری جماعت کے اشخاص (جو اپنے آپ کو احمدی کہتے ہیں) کا ذکر کیا جائے۔

(دوم) دفعہ 260 میں ایک نئی شق کے ذریعے غیر مسلم کی تعریف درج کی جائے۔

(ب) کہ مجموعہ تعزیراتِ پاکستان کی دفعہ 295 (الف) میں حسبِ ذیل تشریح درج کی جائے: ''کوئی مسلمان جو آئین کی دفعہ 260 کی شق (3) کی تصریحات کے مطابق محمد ﷺ کے خاتم النبیین ہونے کے تصور کے خلاف عقیدہ رکھے یا عمل یا تبلیغ کرے وہ

دفعہ ہذا کے تحت مستوجب سزا ہوگا''۔

(ج) کہ متعلقہ قوانین مثلاً قومی رجسٹریشن ایکٹ 1973ء اور انتخابی فہرستوں کے قواعد 1974ء میں منتجہ قانونی اور ضابطے کی ترمیمات کی جائیں۔

(د) کہ پاکستان کے تمام شہریوں خواہ وہ کسی بھی فرقے سے تعلق رکھتے ہوں، کے جان ومال، آزادی، عزت اور بنیادی حقوق کا پوری طرح تحفظ اور دفاع کیا جائے گا۔

دستخط:

۱۔عبدالحفیظ پیرزادہ	۲۔مولانا شاہ احمد نورانی

۳۔مولانا مفتی محمود	۴۔پروفیسر غفور احمد

۵۔غلام فاروق	۶۔چوہدری ظہور الٰہی

۷۔سردار مولا بخش سومرو

ترمیم کا تاریخی بل:

مزید یہ کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین میں اور مقاصد کے لیے جن کا ذکر ذیل میں آئے گا، ترمیم کرنا ضروری تھا، لہٰذا حسبِ ذیل قانون منظور کیا جاتا ہے:

۱۔ مختصر عنوان اور آغاز

(۱)۔ یہ قانون آئین میں دوسری ترمیم کا قانون مجریہ 1974ء کہلائے گا۔

(۲)۔ یہ قانون فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 106 کی دفعہ (3) میں لفظ ''فرقے'' کے بعد ''قادیانی گروپ یا لاہوری گروپ'' (جو اپنے آپ کو احمدی کہتے ہیں) کے افراد کے الفاظ شامل کیے جائیں گے۔

۳۔ آئین کے آرٹیکل 260 میں دفعہ (2) کے بعد حسبِ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

''جو شخص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے پر مکمل اور غیر مشروط یقین نہ رکھتا ہو، یا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کسی بھی مفہوم یا اظہار کی صورت میں نبی ہونے کا دعویٰ کرتا ہو، یا اس قسم کے دعویدار کو نبی یا مصلح مانتا ہو، وہ آئین یا قانون کے مقاصد کے تحت مسلمان نہیں ہے''۔

مقاصد اور اسباب:

چونکہ قومی اسمبلی نے پورے ایوان کی خصوصی کمیٹی کی سفارشات پر عمل کرتے ہوئے اس بل کو منظور کیا، لہٰذا یہ بل اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین میں ترمیم کرتے ہوئے یہ اعلان کرتا ہے ''جو شخص خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حتمی اور غیر مشروط ختمِ نبوت میں یقین نہیں رکھتا، یا نبی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے، یا کسی بھی لفظ یا بیان کے ذریعے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ایک ایسے دعویدار کو نبی تسلیم کرتا ہے، یا کہ مذہبی مصلح جانتا ہے، وہ آئین یا قانون کی رو سے مسلمان نہیں ہے''۔

عبدالحفیظ پیرزادہ: (وزیرِ قانون وانچارج خصوصی کمیٹی)

مرزا غلام احمد قادیانی کے عقائد و نظریات:

دعویٔ نبوت:

اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور روزِ قیامت پر ایمان لانے کے بعد دینِ اسلام کا ایک بنیادی عقیدہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختمِ نبوت پر ایمان لانا بھی ہے۔ یہ کوئی نیا عقیدہ نہیں ہے بلکہ اُتنا ہی پُرانا ہے جتنا کہ اسلام۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ ظاہری میں بھی بعض لوگوں نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا، ان میں مسیلمہ کذاب بھی شامل ہے، جسے کبھی نبی تسلیم نہیں کیا گیا بلکہ پہلے خلیفۃ المومنین حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اس کذاب کے جھوٹے دعوے اور افترا مشہور ہوئے۔ اسلام میں شروع دن سے ہی مسلمانوں نے ایسے جھوٹے دعویداروں کو غیر مسلم و کافر قرار دیا اور اس سلسلے میں کوئی دو رائے نہیں۔

قادیان کے اس نئے جھوٹے دعویدار کو بھی برِ صغیر پاک و ہند اور دنیا کے دیگر ملکوں کے علماء کرام نے بیسویں صدی کی ابتدا میں غیر مسلم و کافر قرار دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس طرح کے جھوٹے دعویداروں کے بارے میں ہمیں خبر دار کر چکے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں: قیامت اُس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تیس جھوٹے ظاہر نہ ہوں، اُن میں سے ہر ایک یہ گمان کرے گا کہ وہ اللہ کا نبی ہے۔۔۔ الخ۔

قرآن کریم میں متعدد مقامات پر بڑے واضح انداز سے عقیدۂ ختم نبوت کو بیان کیا گیا ہے، چند آیاتِ قرآنی ذیل میں پیش کی جاتی ہیں:

۱۔ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمًا۝ (الاحزاب:40:33) ترجمہ: محمدؐ تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں، ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں کے پچھلے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

یہاں لفظ ''خاتم'' کا غلط ترجمہ قادیانیوں کی جانب سے کیا جاتا ہے۔ جو معنیٰ یہ لوگ بیان کرتے ہیں وہ اُس معنی کے خلاف ہے جو ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، حضراتِ صحابۂ کرام، مفسرینِ عظام اور علماء دین (رضی اللہ عنہم اجمعین) سے پہنچا ہے، نیز یہ سراسر پوری دنیا کے مسلمانوں کے اجماع کے خلاف بھی ہے۔ ضروریاتِ اسلام میں سے صرف یہ ضروری نہیں کہ قرآن کریم کے الفاظ کو مان لیا جائے بلکہ اُن معانی کو بھی تسلیم کیا جائے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صحابۂ کرام، علماء دین اور ائمۂ مجتہدین نے بیان کیے اور یہ معانی ہمیں نسل در نسل براہِ راست بنا کسی انقطاع کے ملے ہیں۔ لہٰذا ''خاتم'' کا معنی ہے ختم کرنے والا، سب سے آخر، جس کے بعد کوئی نہ ہو۔

۲۔ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ (المائدہ 3:5)
ترجمہ: آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی۔

اللہ تعالیٰ نے یہاں مذکورہ آیت میں دو چیزوں کی تکمیل کا اعلان فرمایا ہے، ایک: دین اور دوسری نعمت۔ یہ بات معلوم ہے کہ سب سے اہم و اعلیٰ نعمت، کہ جس کے سبب سے ساری نعمتیں ملیں، وہ ہمارے آقا و مولیٰ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات بابرکت ہے، قیامت تک نہ تو کوئی نیا دین ہوگا اور نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نیا نبی۔

۳- وَالَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ وَ مَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِکَ ۚ وَ بِالۡاٰخِرَۃِ ہُمۡ یُوۡقِنُوۡنَ ؕ ○ (البقرہ 4:2) ترجمہ: اور وہ کہ ایمان لائیں اس پر جو اے محبوب! تمہاری طرف اُترا اور جو تم سے پہلے اُترا اور آخرت پر یقین رکھیں۔

اس آیت سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ خاتم النبیین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد نہ کوئی نیا نبی یا رسول ہوگا اور نہ کوئی نئی وحی اُترے گی۔ اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بصورتِ وحی نازل کیا گیا ہے اُسی پر ایمان لانا ہے۔ کسی بھی صورت میں نئے نبی کی آمد کا مسلمانوں کو نہیں بتایا گیا۔ قادیانی حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرتے ہیں اور مسلمانوں کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں، جب وہ یہ کہتے ہیں کہ مسلمان تو بطور نبی حضرت مسیح علیہ السلام کی آمد پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کے بعد یقین رکھتے ہیں۔ یہ بات اس طرح درست نہیں ہے، حقیقت یہ ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام پہلے تشریف لائے تھے، بے شک اب وہ دوبارہ تشریف لائیں گے، مگر بطور عیسیٰ بن مریم علیہما السلام جو پہلے سے نبی ہیں، وہ تشریف لا کر یہ دعویٰ نہیں کریں گے کہ میں کوئی نیا نبی ہوں، جس طرح یہ جھوٹا نبی غلام احمد قادیانی دعویٰ کرتا ہے کہ وہ ایک نیا نبی ہے۔

مذکورہ آیات کے علاوہ بھی بے شمار قرآنی آیات ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختمِ نبوت کو ثابت کرتی ہیں، اس رسالہ کے حجم کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہم اُن تمام آیات کو یہاں ذکر نہیں کر سکتے۔

اب ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث کی جانب آتے ہیں:

۱۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

قیامت کے روز اوّلین و آخرین جب ہر جگہ سے مایوس ہو جائیں گے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کریں گے:

يَا مُحَمَّدُ أَنْتَ رَسُولُ اللهِ وَخَاتِمُ الْأَنْبِيَاءِ وَقَدْ غَفَرَ اللهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ

حضور! آپ اللہ تعالیٰ کے رسول اور تمام انبیاء کے خاتم ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کے سبب سے آپ کے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ بخش دیے ہیں، حضور! ہماری شفاعت فرمائیں۔

۲۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: انبیاء، بنی اسرائیل کی قیادت فرماتے تھے، جب ایک نبی تشریف لے جاتا دوسرا اس کے بعد آ جاتا اور میرے بعد کوئی نبی نہیں بلکہ عنقریب بہت سے خلفاء ہوں گے۔

لہٰذا اگر اب کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد یہ دعوی کرتا ہے کہ وہ کسی بھی صورت میں نبی ہے، تو وہ جھوٹا اور دھوکے باز ہے۔

۳۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ۔ یعنی: میں سب نبیوں میں آخر ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

اس حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں واضح طور پر لفظ "خاتم" کا معنی بتایا گیا ہے، یہ لفظ قرآن کریم میں بھی وارد ہوا ہے قادیانی اس کی غلط تشریح کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود "خاتم النبیین" کا معنی بتایا کہ "میرے بعد کوئی نبی نہیں"۔

۴۔ حضرت سعد بن ابی وقاص وغیرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوہ تبوک کو تشریف لے جاتے وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو مدینے میں چھوڑا، حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے عرض کی: یارسول اللہ! حضور مجھے عورتوں اور بچّوں میں چھوڑے جاتے ہیں؟!، فرمایا: اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ

هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى غَيْرَ اَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ ۔یعنی: کیا تم اس پر راضی نہیں کہ تم یہاں میری نیابت میں ایسے رہو جیسے موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام جب اپنے رب سے کلام کے لئے حاضر ہوئے ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی نیابت میں چھوڑ گئے تھے، ہاں یہ فرق ہے کہ ہارون نبی تھے میں جب سے نبی ہوا دوسرے کے لئے نبوت نہیں۔

حضرت ہارون علیہ السلام، سیدنا موسیٰ علیہ السلام کے بھائی تھے اور نبی بھی تھے، اگرچہ غیر تشریعی ۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں کے ذہنوں سے یہ شک بھی زائل فرما دیا کہ کہیں میرے تبوک جانے کے بعد تم لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت ہارون علیہ السلام کی طرح کا نبی نہ مان لینا۔

۵۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ فَلَا رَسُوْلَ بَعْدِيْ وَلَا نَبِيَّ
بیشک رسالت و نبوت ختم ہوگئی اب میرے بعد نہ کوئی رسول ہے نہ نبی۔

مذکورہ بالا آیات و احادیث نبوی عالمِ اسلام کے نقطۂ نظر کی وضاحت کے لیے کافی ہیں۔ دیگر کئی آیات و احادیثِ نبویہ بھی عالمِ اسلام کے مسلمانوں کے مذکورہ معتدل نقطۂ نظر کے ثبوت کے لیے موجود ہیں، لیکن اختصار کے پیش نظر اُن سب کو نقل کرنا یہاں ممکن نہیں۔

جھوٹے مدعیِ نبوت کے عقائد اور تحریرات کا نمونہ:

۱۔ سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، دافع البلاء، ص 11، روحانی خزائن، ج 18، ص 321)

۲۔ میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اسی نے مجھے بھیجا ہے اور اسی نے میرا نام نبی رکھا ہے۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، حقیقۃ الوحی، ص 387، روحانی خزائن، ج 22، ص 503)

۳۔ مجھے اپنی وحی پر ایسا ہی ایمان ہے جیسا کہ قرآن کریم پر۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، حقیقۃ الوحی، ص220، روحانی خزائن، ج22، ص220)

۴۔ خدا نے اپنا ہاتھ میرے ہاتھ میں دیا۔ (قادیانی، غلام احمد، مرزا، دافع البلاء)

۵۔ میں، مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود، امام وقت، مصلح اور اللہ کا ظلی نبی اور رسول ہوں، مجھ پر اللہ کی وحی آتی ہے۔ (قادیانی، غلام احمد، مرزا، تازیانہ عبرت)

۶۔ وحیِ الٰہی کا سلسلہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر ختم نہیں ہوا۔ (قادیانی، غلام احمد، مرزا، تازیانہ عبرت)

۷۔ تین ہزار معجزات ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے ظہور میں آئے اور مجھ سے دس لاکھ۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، تحفہ گولڑویہ، ص67، روحانی خزائن، ج17، ص153)

۸۔ اور خدا تعالیٰ نے اس بات کے ثابت کرنے کے لیے کہ میں اس کی طرف سے ہوں، اس قدر نشان دکھلائے ہیں کہ ہزار نبی پر بھی تقسیم کیے جائیں تو ان کی بھی ان سے نبوت ثابت ہو سکتی ہے، لیکن پھر بھی جو لوگ انسانوں میں سے شیطان ہیں وہ نہیں مانتے۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، چشمہ معرفت، ص317، روحانی خزائن، ج23، ص332)

مرزا صاحب حکومتِ برطانیہ کے حامی:

اتنا کہنا کافی ہے کہ مرزا غلام احمد کا بنیادی مقصد اور اُس کے مذہب کے پسِ پردہ متحرک قوت کا مقصد برصغیر پاک و ہند میں سلطنتِ برطانیہ کی قیادت کو مضبوط کرنا تھا۔ یہاں پر بسنے والے مسلمان آہستہ آہستہ بیدار ہو رہے تھے اور برطانوی حکومت کو معلوم تھا کہ یہ اُن کی نوآبادیاتی پالیسیوں کے خلاف خطرہ ہے۔ لہٰذا انہوں نے مرزا غلام احمد کی حفاظت کی اور اُسے تیار کر کے اُس کے جھوٹے مذہب کے ذریعے مسلمانوں میں تفریق ڈالنے کے لیے استعمال کیا۔ مرزا غلام احمد نے برطانوی آوردہ کے طور پر اپنی ساری زندگی برطانوی آقاؤں کی تعریف و توصیف میں بسر کی۔ کئی مرتبہ برطانیہ نے مسلمانوں کے غیض و غضب سے مرزا صاحب کو بچایا، کیونکہ انہیں اندازہ تھا کہ مرزا صاحب کے خود ساختہ

مذہب کے ذریعے مسلمانوں کے اتحاد کو کمزور کرنے کا موقع ہے۔ذیل میں اس جھوٹے نبی کے اقوال ہی کسی کو قائل کرنے کے لیے کافی ہیں کہ جو شخص خود کو خدا کا بندہ کہتا پھرتا ہے وہ تو صرف اپنے برطانوی آقاؤں کا غلام ہے:

۱۔ ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کے بارے میں مرزا صاحب کہتے ہیں:

ان لوگوں (مسلمانوں) نے چوروں اور قزاقوں اور حرامیوں کی طرح اپنی محسن گورنمنٹ پر حملہ کرنا شروع کیا اور اس کا نام جہاد رکھا۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، روحانی خزائن)

۲۔ سو اگر ہم گورنمنٹ برطانیہ سے سرکشی کریں تو گویا اسلام اور خدا اور رسول سے سرکشی کرتے ہیں

۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، شہادت القرآن، ص 84، روحانی خزائن، ج 6، ص 380)

۳۔ گورنمنٹ انگلشیہ خدا کی نعمتوں سے ایک نعمت ہے، یہ ایک عظیم الشان رحمت ہے یہ سلطنت مسلمانوں کے لیے آسمانی برکت کا حکم رکھتی ہے۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، براہین احمدیہ، ص 40، روحانی خزائن، ج 1، ص 140)

۴۔ میں اور میری جماعت اس اُصول کے پابند ہیں کہ محسن گورنمنٹ برطانیہ کی سچی اطاعت اور سچی شکر گزاری کی جائے۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، کشف الغطاء، ص 37، روحانی خزائن، ج 14، ص 213)

۵۔ اسلام کی دوبارہ زندگی انگریزی سلطنت کے امن بخش سایہ سے پیدا ہوئی ہے۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، تریاق القلوب، ص 28، روحانی خزائن، ج 15، ص 156)

۶۔ میری نصیحت اپنی جماعت کو یہی ہے کہ وہ انگریزوں کی بادشاہت کو اپنے ''اُولی الأمر'' میں داخل کریں۔ (قادیانی، غلام احمد، مرزا، ضرورۃ الامام، ص 23، روحانی خزائن، ج 13، ص 493)

۷۔ ایک رسالہ حضرت قیصرۂ ہند دام اقبالہا کے نام سے تالیف کر کے اور اس کا نام تحفۂ

قیصریہ رکھ کر جناب ممدوحہ کی خدمت میں بطور درویشانہ تحفہ کے ارسال کیا تھا اور مجھے قوی یقین تھا کہ اس کے جواب سے مجھے عزت دی جائے گی اور اُمید سے بڑھ کر میری سرفرازی کا موجب ہوگا۔۔۔مگر مجھے نہایت تعجب ہے کہ ایک کلمہ شاہانہ سے بھی میں ممنون نہیں کیا گیا۔۔۔لہٰذا اُس حسنِ ظن نے جو میں حضور ملکہ معظمہ دام اقبالہا کی خدمت میں رکھتا ہوں دوبارہ مجھے مجبور کیا کہ میں اس تحفہ یعنی رسالہ تحفہ قیصریہ کی طرف سے جناب ممدوحہ کو توجہ دلاؤں اور شاہانہ منظوری کے چند الفاظ سے خوشی حاصل کروں۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، ستارہ قیصرص 2، روحانی خزائن، ج15ص110)

مرزا غلام احمد اور منسوخیِ جہاد:

مرزا غلام احمد اپنے برطانوی آقاؤں کی اندھی محبت میں اتنا آگے بڑھا کہ اُس نے جہاد جیسے مقدس فرض کو منسوخ قرار دے دیا، چنانچہ وہ ''خطبۂ الہامیہ'' ص ۲۸ پر لکھتا ہے:

'' آج سے انسانی جہاد جو تلوار سے کیا جاتا تھا خدا کے حکم کے ساتھ بند کیا گیا۔ اب اس کے بعد جو شخص کافر پر تلوار اُٹھاتا ہے اور اپنا نام غازی رکھتا ہے وہ اُس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کرتا ہے جس نے آج سے تیرہ سو برس پہلے فرما دیا ہے کہ مسیح موعود کے آنے پر تمام تلوار کے جہاد ختم ہو جائیں گے۔ سو اب میرے ظہور کے بعد تلوار کا کوئی جہاد نہیں۔ ہماری طرف سے امان و صلح کاری کا سفید جھنڈا بلند کیا گیا ہے''۔

مرزا غلام احمد کے اس اعلان کے بعد اب ہر شخص آسانی سے سمجھ سکتا ہے کہ آیا مرزا صاحب ایک سچے مسلمان تھے یا منافق۔ یہاں قادیان کے جھوٹے نبی نے واضح طور پر ارکانِ اسلام میں سے ایک رُکن جہاد کا انکار کیا ہے، تاکہ وہ اپنے برطانوی آقاؤں کو خوش کر سکے۔ جیسا کہ شروع میں بتایا جا چکا ہے کہ دشمنوں سے جہاد کرنا اور شہادت کی جستجو کرنا ہمیشہ سے مسلمانوں کی خواہش و مقصد رہا ہے۔

مرزا غلام احمد جہاد کو منسوخ قرار دے کر مسلمانوں کے اتحاد و یکجہتی کو تباہ کرنا چاہتا ہے، یہ اتحاد و یکجہتی، برطانوی حکومت کے لیے ایک بڑا خطرہ تھی، کیونکہ انگریز جانتا تھا کہ مسلمانوں کے دلوں سے شوقِ جہاد نکالے بغیر برصغیر پاک و ہند پر حکومت ممکن نہیں۔

مرزا کے اس موقف کے خلاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک مبارک فرمان پیش کیا جاتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ((لَنْ يَّبْرَحَ هٰذَا الدِّيْنُ قَائِمًا يُّقَاتِلُ عَلَيْهِ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ))

یہ دین قائم رہے گا اس پر مسلمانوں کی ایک جماعت جہاد کرتی رہے گی حتی کہ قیامت قائم ہو جائے۔

مرزا خود اس بات کا اقرار اپنی کتاب ''تریاق القلوب'' میں کر چکا ہے کہ جہاد کے خلاف کئی کُتب اور پمفلٹ لکھے، جن میں نہ صرف جہاد کے خلاف لکھا گیا بلکہ برطانیہ کی اندھی فرمانبرداری کی ترغیب بھی دلائی۔

مرزا غلام احمد کا مسلمانوں کے ساتھ رویہ:

۱۔ اپنی کتاب ''نجم الہدیٰ'' میں اپنے مخالفین کے لیے یہ کلمات استعمال کیے ہیں: ''دشمن ہمارے بیابانوں کے خنزیر ہو گئے اور اُن کی عورتیں کتیوں سے بڑھ گئی ہیں''۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، نجم الہدیٰ ص 53، روحانی خزائن، ج 14 ص 53)

۲۔ ایک اور جگہ لکھتا ہے: ''میری کتابوں کو ہر مسلمان محبت کی نظر سے دیکھتا ہے اور اس کے معارف سے فائدہ اُٹھاتا ہے اور میری دعوت کی تصدیق کرتا ہے، اور اُسے قبول کرتا ہے مگر رنڈیوں کی اولاد نے میری تصدیق نہیں کی''۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، آئینہ کمالات اسلام ص 547، روحانی خزائن، ج 5 ص 548)

۳۔ مجھے الہام ہوا جو شخص تیری پیروی نہیں کرے گا اور تیری بیعت میں داخل نہیں ہو گا وہ جہنمی ہے۔ (قادیانی، غلام احمد، مرزا، تذکرہ مجموعہ وحی والہامات، طبع چہارم ص 280)

۴۔ ہمارا یہ فرض ہے کہ غیر احمدیوں کو مسلمان نہ سمجھیں اور ان کے پیچھے نماز نہ پڑھیں اور ان کا جنازہ نہیں پڑھنا چاہیے۔ (قادیانی، غلام احمد، مرزا، انوار خلافت، ص 90، مندرجہ انوار العلوم، ج 3، ص 148)

جو زبان مرزا نے اپنے مخالفین کے لیے استعمال کی ہے، اس سے واضح ہوتا ہے

کہ وہ سچا نبی نہیں تھا۔اس قدر گندی زبان صرف ایک بازاری آدمی استعمال کرسکتا ہے نہ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجا گیا کوئی نبی۔تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے اپنے مخالفوں کی تکالیف پر صبر کیا اور اذیتوں اور گالیوں کے جواب میں کبھی ایسی زبان کا استعمال نہ کیا جس طرح مرزا نے کیا ہے۔ان تمام باتوں سے واضح ہوتا ہے کہ یہ کسی پاگل اور فاتر العقل شخص کی باتیں ہیں۔انسان حیرت کرتا ہے کہ آیا دیگر لوگوں کو کیا چیز آمادہ کرے گی کہ وہ ایسے ذہنی مریض کو اللہ تعالیٰ کا نبی سمجھیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صحابہ کرام واہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم کی شان میں گستاخیاں:

۱۔ جو شخص بھی نبوت کا دعویٰ کرتا ہے وہ خود کو یقیناً نبی کے حواریوں (صحابہ) سے بہتر سمجھتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ مرزا خود تو (کسی نبی سے) بہتر نہیں تھا، لہٰذا اُس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صحابہ کرام اور اہلِ بیتِ اطہار رضی اللہ عنہم اجمعین کی شان میں گستاخیاں شروع کر دیں، مثلاً حقیقۃ الوحی میں کہتا ہے:''مجھ کو وہ چیز دی گئی ہے کہ دنیا و آخرت میں کسی ایک شخص کو بھی نہیں دی گئی۔ (قادیانی، غلام احمد، مرزا، حقیقۃ الوحی)

۲۔ ایک جگہ لکھتا ہے:

> میں وہی مہدی ہوں جس کی نسبت ابن سیرین سے سوال کیا گیا کہ کیا وہ حضرت ابوبکر کے درجہ پر ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ ابوبکر کیا وہ تو بعض انبیاء سے بہتر ہے۔

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، مجموعہ اشتہارات، ج3،ص278)

۳۔کہیں کہتا ہے:

> ''پرانی خلافت کا جھگڑا چھوڑو، اب نئی خلافت لو۔ایک زندہ علی تم میں موجود ہے، اُس کو تم چھوڑتے ہو اور مُردہ علی کی

تلاش کرتے ہو۔'' (قادیانی، غلام احمد، مرزا، ملفوظات احمدیہ، ج 1، ص400)

۴۔ کسی جگہ لکھتا ہے:

''اے قومِ شیعہ! اس پر اصرار مت کرو کہ حسین تمہارا منجی ہے، کیونکہ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ آج تم میں ایک ہے کہ اُس حسین سے بڑھ کر ہے۔''

(قادیانی، غلام احمد، مرزا، دافع البلاء، ص17، روحانی خزائن، ج18، ص233)

اختتامیہ:

مرزا غلام احمد قادیانی کی مذکورہ بالا تحریرات واقوال اور اس کی جسارتیں محض بطورِ مثال کے پیش کی گئی ہیں، ورنہ اس کی تمام تحریرات اس قسم کی بکواسات اور بے ہودہ باتوں سے پُر ہیں۔ مجھے پورا یقین ہے کہ کوئی بھی ذی شعور شخص جو دین ومذہب سے رغبت رکھتا ہے، وہ کبھی قادیان کے اس جھوٹے اور بے بنیاد ''مذہب'' کو نہیں قبول کرے گا، ہاں یہ ضرور ہے کہ ایسا شخص اس جھوٹے مدعِیِ نبوت کی تحریرات اور اس کے عقائد ونظریات دیکھ کر رد ضرور کر دے گا۔

دنیا کے مسلمانوں سے اپیل:

میں دنیا بھر کے مسلمانوں سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنے اُس دشمن کو پہچانیں جو بڑی خاموشی سے آپ لوگوں میں کام کر رہا ہے۔ ہرگز قادیانیوں اور احمدیوں کی جھوٹی تبلیغ سے دھوکہ نہ کھایئے گا، جو اسلام کے نام پر دھوکہ دے رہے ہیں۔ وطنِ عزیز پاکستان میں ان کے مذہب کو جھوٹا قرار دے کر انہیں غیر مسلم اقلیت قرار دیا جا چکا ہے۔ اس جھوٹے مذہب کی حقیقت کو، قومی اسمبلی کے تاریخی فیصلے سے جانا جا سکتا ہے، جہاں قادیانی اپنے اس نومولود مذہب کا دفاع نہیں کر سکے اور قومی اسمبلی کے غیر جانب دار ممبروں کو یہ باور نہ کرا سکے

کہ یہ لوگ ''مسلمان'' ہیں، لہٰذا پوری دنیا میں اس مذہب کا کیا مستقبل ہوسکتا ہے؟! اے مسلمانو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیوانو! اپنے رحیم و مشفق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم کرو اور اُن کا چرچا کرو، ان سے رہنمائی، حفاظت اور شفاعت کا سوال کرو۔ سچی ہدایت اور اپنے دلوں میں عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اجاگر کرنے کے لیے پاکستان و بیرونِ ملک کے علماء و مشائخِ اہلسنت کی صحبت میں جاؤ، اُن کی کتابوں کا مطالعہ کرو اور اس کے ساتھ ساتھ اپنا تعلق ورلڈ اسلامک مشن بریڈفورڈ اور پاکستان میں موجود جمعیت علماء پاکستان، کراچی، لاہور اور مکتبۂ رضویہ گاڑی کھاتہ کراچی میں قائم دفاتر سے جوڑو۔

اللہ تعالیٰ مجھے، آپ کو اور دنیا کے تمام مسلمانوں کو اس عظیم فتنۂ قادیانیت کے خطرات سے محفوظ فرمائے۔

وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

وانا خاتم النبیین لانبی بعدی

[الحدیث]

القادیانیة اقلیة غیر مسلمة

[القرار التاریخی للمجلس النیابی]

بقلم

الاستاذ شاه فرید الحق

[نائب الرئیس لجمعیة الدعوة الاسلامیة العالمیة]

نقله الی العربیة

جلال الدین احمد نوری

[رئیس التحریر لجمعیة الدعوة العربیة کراتشی]

الاهداء

الی سماعة الداعية الاسلامی الکبیر

مولانا شاہ احمد نورانی الصدیقی

عضو المجلس النیابی (سابقاً)

رئیس جمعیة علماء الباکستان

ورئیس جمعیة الدعوة

الاسلامیة العالیة

تعریف بثلاثة من نقاد القادیانیة

التحریر: الدکتور ممتاز احمد سدیدی

فی عصرنا الراہن یقوم عدد کبیر من العلماء بالرد علی القادیانیة ونحن فیما یلی نقوم بتعریف ثلاثه من نقاد القادیانیة وجهودهم، ولک للعدد الخاص الذی تصدره مجلة ''المنتهی'' عن القادیانیة، وهذا مجرد خطة لمشروع کبیر علی هذا النهج والذی سیقوم الباحثون بتکمیله فی المستقبل ان شاء اللہ تعالیٰ۔

(۱) الأستاذ السید شاه فرید الحق بن السید بشیر الحق الجیلانی الحسنی والذی ولد فی اسوة دینیة وصوفیة فی قریة اسکندربور الواقعة فی اقلیم اوتار پردیش بالهند عام ۱۳۵۲ھ/ ۱۹۳۳م۔ وانتقل الی رحمة اللہ تعالی سنة ۱۴۳۳ھ/ ۲۰۱۱م ودفن فی مدینة کراتشی۔

لقد فال درجة البکالوریوس من جامعة آغرة عام۱۹۵۲م ثم حصل علی درجة الماجستیر من جامعة مسلم علی کره عام۱۹۵۲م اضافة الی شهادة البکالوریوس فی القانون۔

اکرمه الشیخ المفتی محمد عبیدالرحمن رشیدی بالاجازة فی الطرق الصوفیة، کما اجازه فی الطریقة القادریة مولانا ضیاء الدین احمد المدنی۔

کان السید شاه فرید الحق من مؤیدی حرکة استقلال پاکستان والدعاة الیها لذا هاجر من الهند ایی باکستان بعد اکمال الدراسة عام ۱۹۵۸م وأقام بمدینة کراتشی۔ واشتغل بالمحاماة الا انه بعد عام واحد

تنحی عن المحاماة اذانه عین محاضرا بالکلیة الاسلامیة بکراتشی۔ ثم قام بمهمة التدریس بجامعة کراتشی بجانب قیامه بالقدر بس فی الکلیة الاسلامیة، وکان فیما بعد مؤسا وعمیر الکلیة ملیر االقومیة بکراتشی۔

دخل السید شاہ فرید الحق مجال السیاسة الباکستان فیه عام ۱۹۷۰م والتحق بجنوب جمعیة علماء باکستان، فانتخب عضوا لبرلمان السند الاقلیمی ثم عُین قائدا بحرلمانیا لحزبه، کما انه ظل قائد حزب الاختلاف فی برلمان اقلیم السند من غرة مایو ۱۹۷۲م الی ۳ فبرایر ۱۹۷۷م، وانه بوصفه قائد حزب الاختلاف قدم قرار الی المتحدث باسم البرلمان بتوقیع ثلاثة عشر عضوا من اعضاد البرلمان للحکم علی الفئة القادیانیة کافلیة غیر مسلمة۔ وانه کان قد قام بهمة ضربة ازدحام العجلة لتحقیق الهدف المذکور آنفا۔ وانه تحمل متاکل الحبس والسجن من اجل تنفیذ النظام الاسلامی واستمر فی اللکفاح الیاسی، وانه خالف التقسیم علی الاساس اللسانی وواجه الظلم والتهدیدات بالصبر والاستقامة الایمانیة، وهکذا ظل فضیلة زمیلا مساعدا المولانا الشاہ احمد النورانی فی جهده الدعویة والسیاسیة۔ لقد تم تنصیبه امینا عاما لرحب جمعیة علماء باکستان، ثم حاز منصب نائب الرئیس، ثم ممثل الرئیس، واخیرا حصل علی منصب الرئیس بعد رحیل مولانا الشاہ احمد النورانی الی دارالافرة، وکان فضیلة رئیس الجنة التی قامت باعداد الدستور لجمعیة علماء باکستان والذی صدر فی ۲۴ ستمبر ۱۹۷۹م۔

لقد کان السید الشاہ فرید الدین نائب رئیس لجمعیة الدعوة الاسلامیة العالمیة فقام الزیارة الدعویة الی کل من اوروبا، وامریکا، وافریقیا الجنوبیة ونیروبی وماریش وعید ذلک من البلاد برفقة مولانا الشاہ احمد النورانی و مولانا عبدالستار النیازی وانه خلال زیاراته الی

البلاد المذكورة آنفا ظل برد على طائفة القاديانية فى تلك البلاد۔ اضافة الى ذلک ظل فضيلته عضوا للمجالس الحكومية مثل مجلس الفكر الاسلامى، ومجلس الزكاة الفيدرالى قرابة ثلاث سنواته۔

لقد ادرجت مؤلفاته الثلاثة: دستور الحكومة الباكستانية، ودساتير العالم المدينة، والسياسية النظرية فى المناهج والمقررات الدراسيه بقسم القانون لجامعة كراتشى۔ هذا وقام فضيلته هو بالترجمة الاعلبرية لترجمة معانى القرآن الدرسية التى قام فيها الامام احمد رضا خان باسم ''كنز الايمان'' خلال سبع مغواث، كما انه أصدر المجلة الانجليزThe Message intermtic??? من مكتب جمعية الدعوة الاسلامية العالمية بكراتشى الترجمة الانجليزية لكنز الايمان تطبع فى هذه المجلةلمدة طويله، ثم طبعت هذه الترجمة الانجليزية مع المتن العربى من المكتب نفسه وثم توز فى ارجاء العالم، وطبعت الترجمة الانجليزية يعشاه امرا من الموخرة والتى كان قد شرح بها السيد محمد نعيم الدين المراد آبادى اسم ''خزائن العرفان'' فى اعداد المجلة الانجليزية The Message من ۱۹۹۰ م اى ۲۰۰۱ م۔

ومن المؤلفات الانجليزيه للسيد الشاه فريد الحق كتاب عن الصلاة باسم The Pooyer salat وقد طبع هذا الكتاب ايضا فى المجلة الانجليزية المذكورة آنفا۔

عقد كتب مقاله انجليزيا عن تنة القاديانية وطبعه فى مجلته المذكورة آنفا فى عددها الصادر فى نوفيمبر و ديسيمبر ۱۹۷۶م وذلک تحت عنوان:

"The Historic 1914 Moment." (P: 23-26)

وقد الَّفَ كتابا باللغة الاردية تحت عنوان ''الضربة الاخيرة على القاديانية''ثم ترجمة الى اللغة الانجليزية بعنوان:

Last Blow to Qadiyaniat."

فقامت جمعية الدعوة الاسلامية العالمية بطبع هذا الكتاب وتوزلعه فى العالم۔

(٢) وُلد مولانا الدكتور جلال الدين احمد النورى بن محمد اسحاق (١٣٧٥ھ/ ١٩٥٦م) فى مدينة كراتشى۔ حصل على درجة البكالويوس عام١٩٧٦م من جامعة بغداد، وحصل على وبلوم فى القانون الاسلامى من جامعة الازهر بالقاهره، وحصل على شهادة الدعوة الاسلامية من جامعة الامام بالرياض۔ لقد اكمل المناہج والمقررات لتنظم المدارس باكستان عام ١٩٨١م وحصل على درجة الماجستير فى اسلاميات و واللغة العربية من جامعه كراتشى سنة ١٩٨٢ء وقال درجة الدكتوراة عام ١٩٨٩م من جامعة كراتشى باعداد بحث علمى تحت عنوان: ''الامام ابن دقيق العيد، حياته وآثاره''۔

ظل الدكتور جلال الدين يكتب عمودا فى المجلة الاسبوعية: ''اخبار جهاں'' (اخبار العالم) باللغة اللدرية تحت عنوان: ''سياسة الشرق الاوسط'' كما انه ظل رئيس تحرير المجلة ''الدعوة'' الصادرة من مكتب جمعية الدعوة الاسلامية العالمية بكراتشى، فاصدر بعض الأعداد بمناسبة المولد النبوى الشريف، وهذه جمعية غير حكومية لنشر الاسلام والدفاع عنه فى ارجاء العالم، وكان مولانا الشاه

احمد النورانی (المتوفی ۱۴۲۴ھ ۲۰۰۳م) مشرفا ورئیسالھا کما کان انوریر الکویتی السابق، والعالم الشافعی المرشد الکبیر السید یوسف السید ھاشم الرفاعی (المتوفی ۱۴۳۹ھ/۲۰۱۸م) کان مساعدا له فی ادارة ھذه الجمعیة۔

لقد ثم تعیین الدکتور جلال الدین کمحاضر عام ۱۹۸۸م فی قسم التربیة والتعلیم للحکومة الباکستانیة، واصبح رئیس قسم العلوم الاسلامیة بجامعة کراتشی فی ۴ فبرایر ۲۰۰۱م، ثم عمیدا فی عام ۲۰۰۱م، لقد ثم انجاز المشاریع العلمیة فی عھده، کما قال اربعة وعشرون باحثا درجة الدکتوراه باعداد الرسائل العلمیة تحت استرامه۔ له مؤلفات قیمة بلغات مختلفة منھا ثلاثة عشر مؤلفا باللغة اللدریة۔ کما انه قام متحقیق المجلد الاول وترجمته وکنایة الحواشی علی الغنیة لطالبی طریق الحق للصومی الکبیر الشیخ السید عبدالقادر الجیلانی الحسنی البغدادی۔ اضافة الی انه طبعت مقالاته العلمیة التی تریدعلی الثمانین باللغة اللدریة والعربیة والانجلیزیة فی المجلات والجرائد الباکستانیة والھندیة، والسعودیة والکونینة، وفیما یلی عناوین بعض مقالاته مع ذکر المجلات ومواضع صدورھا:

(۱) التکافل الاجتماعی فی الاسلام، جرید المدینة المنورة، جدة، ۱۹۸۰م۔

(۲) النصیریة وافکارھا الھدّامة، جریدة الریاض، ریاض، ۱۹۸۰م۔

(۳) الایمان المشترک بین المسیحیة والاسلام، المجلة اللسبوعیة البلاغ، کویت، ۱۹۸۰م۔

(۴) المسلمون فی جزر الکاریبی جنوب امریکا، البلاغ، ۱۹۸۵م۔
(۵) اھمیة الاسفاد فی الحدیث، المجلة الشھریة الدعوة، کراتشی، ۱۹۸۴م۔
(۶) الامرادو المعراج، الدعوة، ۱۴۰۹ھ/۱۹۸۹م۔
(۷) الامام النخعی و أثرہ فی الحدیث، الدعوة، ۱۹۸۹م۔
(۸) التدلیس و حکم عن المحدثین، الدعة، ۱۴۰۹م۔
(۹) الزواج بالکتابیات فی الشریعة الاسلامیة، الدعوة، اکتوبر و نوفیمبر ۱۹۹۸م۔
(۱۰) الامام ابن دقیق العید، حیاته وآثارہ المجلة الشھریة البعث الاسلامی، لکنائو، ۱۴۱۳ھ/ ۱۹۹۲م (طبعت بشکلا لحلقات)۔
(۱۱) عبداللہؒ بن المبارک وأثرہ فی الحدیث، مجلة المعارف الاسلامیة جامعة کراتشی، نوفیمبر ۱۹۹۹م۔
(۱۲) الامام محمد حسن الشیبانی فی العراقی، مجلة المعارف الاسلامیة، ۲۰۰۰م۔
(۱۳) الخطوط الرئیسیة للاقتصاد الاسلامی، مجلة الامام احمد رضا، کراتشی۔

لقد طبع التالیف العربی للدکتور جلال الدین من دارالکتب العربیة بیروت عام ۱۴۳۹ھ/۲۰۱۸م تحت عنوان: ''تطور اللغة العربیة فی المجتمعات الباکستانیة و العربیة۔''

وقام الدکتور بطبع کنایات عربیة فی الرد علی الفتنیة القادیانیة عند

ما كان رئيس التحرير لمجلة الدعوة اشهرية۔ كما انه قام بالترجمة العربية الكتابالذٰ الفه السيد الشاه فريد الحق باللغة الانجليزية فى الرد على القاديانية۔ فطبع هذا الكتاب المترجم الى اللغة العربية اهتام الجمعة الاسلامية تحت عنوان "القاديانية اقلية غير مسلمة، القرار التاريخى للمجلس النيابى۔"

لقد قامت جمعيات حكومية واهلية بتكريم الدكتور جلال الدين بالجوائر التى هى اكتر من ثمانية جوائز اعترافا بخدماته العلمية۔

(۳) ولد الدكتور حامد على العليمى بن على احمد الركاتى عام ۱۴۰۳ھ/۱۹۸۳م فى مدينة كراتشى، نال درجة الدكتوراة فى العلوم الاسلامية من جامعة كراتشى، صدرت اعماله بحونه باللغات الثلاثة الادرية والعربية والانجليزية ومازالت نفسه۔

لقد قام الدكتور حامد على العليمى بترجمة الكتب التالية من العربيه الى الاردية:

(۱) المعجم الصغير للامام ابى القاسم سليمان بن احمد الطبرانى (المتوفى: ۳۶۰ھ/۹۷۱م) مخطوط۔

(۲) الخصال المكفرة للذنوب المتقدمة والمتأخرة، شيخ الاسلام شهاب الدين احمد بن على بن حجر العسقلانى (المتوفى۹: ۸۵۲ھ/۱۴۴۹م) مخطوط۔

(۳) ابوب السعادة فى اسباب الشهادة، للامام جلال الدين عبدالرحمن بن ابى بكر السيوطى (المتوفى: ۹۱۱ھ/۱۵۰۵م) مطبوع۔

(۴) شرح الرسالة فی بیان الکبائر والصغائر من الذنوب، للامام زین الدین بن ابراهیم بن نجیم المصری (المتوفی: ۹۷۰ھ/ ۱۵۶۳م)مطبوع۔

(۵) لمعات الانوار فی المقطوع لهم بالجنة والمتطوع لهم بالنار، للامام عبدالغنی بن اسماعیل النابلسی الدمشقی (المتوفی: ۱۱۴۳ھ/ ۱۷۳۱م)مطبوع۔

(۶) نظم الدر فی سلک شق القمر، للشیخ عبدالحکیم بن امین اللّٰہ مطبوع۔

هذا وقد قام الکدکتور حامد علی العلیمی بتحقیق بعض الکتب والتعلیق علیها وترجمتها الی اللغة الدرایة، وهی ؟؟؟؟:

(۱) تفسیر السلبیل، لمولانا عبدالعزیز بن احمد البرهاروی الملتانی (المتوفی:۱۲۳۹ھ/۱۸۲۳م۔)

(۲) نعم الوجیز فی اعجاز القرآن العزیز، مولانا عبدالعزیز البرهاروی، مطبوع۔

(۳) شرح عقد رسم مفتی، للامام محمد بن امین بن عمر بن عابد عابدین الدمشقی، (المتوفی:۱۲۵۲ھ/۱۸۳۶م)مطبوع۔

(۴) التعلیقات الرضویة علی صحیح البخاری، لمولانا احمد رضا خان القادری البریلوی (المتوفی: ۱۳۴۰ھ/ ۱۹۳۱م) عمل مشترک مع محقق ؟؟؟ مطبوع۔

(۵) التعلیقات الرضویة علی الفتاویٰ قاضی خان، مطبوع۔

(۶) التعلیقات الرضویة علی الفتاویٰ البزازیة، مطبوع۔

(۷) التعلیق الرضوی علی غنیة؟؟؟؟، مخطوط۔

(۸) التعقلیقات الرجوة علی الفتاویٰ الهندیة، باب احکام المرتدین، مطبوع۔

هذا وقد قام الدکتور حامد علی بترجمة الخطب التی کان قد القاها مولانا الدکتور محمد فضل الرحمن الانصاری القادری (المتوفی: ۱۳۹۴ھ/ ۱۹۷۴م) والکتاب الانجلیزی للسید الشاه فرید الحق القادری (المتوفی: ۱۴۳۲ھ/ ۲۰۱۱م) والذ کتبه عن القادیانیة باللغة الانجلیزیة تحت عنوان: "Last blow to Qadiyaniat" وهذه الترجمة الدرایة لهذاالکتاب مطبوع۔

لقد کتب الدکتور حامد علی بعض المقالات والکتب عن الاحوال والآثار العلمیة الامام ابی جعفر احمد بن محمد الطحاوی الحنفی (المتوفی: ۳۳۱ھ/ ۹۳۳م) ولمولانا احمد رضا خان البریلوی، ولمولانا عبدالعلیم الصدیقی (المتوفی: ۱۳۷۳ھ/ ۱۹۵۴م) وللقاضی بالمحکمة الشرعیة سابقا المفتی السید سجاعت علی القادری (المتوفی: ۱۴۱۳ھ/ ۱۹۹۳م) وانه مازالی یقوم بالرد علی طائفة القادیانیة۔

المقدمة

الحمد للّٰہ رب العالمین وصلی اللّٰہ تعالی علی خاتم المرسلین اول الانبیاء وآخرھم بعثا وآلہ وصحبہ والتابعین ولعن وقتل وأخزی وخذل مردۃً الجن وشیاطین الانس اعاذنا ابدًا من شرھم أجمعین وبعد: قال اللّٰہ تعالیٰ: ''ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النبین وکان اللّٰہ بکل شیء علیما۔''

ابتلی المسلمون فی باکستان والھند منذ مطلع القرن العشرین۔ المیلادی بمشکلۃ دینیۃ المظھر، سیاسیۃ الجوھر، استفحل امرھا وتفاقم خطبھا علی مرالایام الا وھی النحلۃ ''القادیانیۃ'' أو بالاحری المؤامرۃ الاستعماریۃ ضد الاسلام والمسلمین۔ وبمجزد أن رفعت ھذہ النحلۃ رأسھا وتطایر شررھا۔ بادر علماء المسلمین وقادتھم إلی مواجھتھا ومقاومتھا۔ فالفوا مولفات کثیرۃ أماطوا فھیا اللثام عن وجہ ھذہ النحلۃ المرتدۃ وکشفوا عما فیھا من مواطن الخطورۃ علی کیان الأمۃ الاسلامیۃ۔

فکتب اولا العلامۃ الشیخ بسیر مھر علی کولروی (المتوفی سنۃ ۱۳۵۶ھ) کتابًا باسم شمس الھدایۃ، وسیف جشتیانی فی عام ۱۳۱۷ھ والامام احمد رضا خان البریلوی (المتوفی سنۃ ۱۳۴۰ھ)۔

۱۔ السوء والعقاب علی المسیح الکذاب فی عام ۱۹۲۵م۔

۲۔ جزاء اللّٰہ عدوۃ بابائہ ختم النبوۃ فی عام ۱۳۱۷ھ۔

۳۔ المبین ختم النبین فی عام ۱۳۲۶ھ۔

۴۔ قهر الديان على مرتد بقاديان ١٣٢٣ ھ۔

۵۔ الجراز الديانى على المرتد القاديانى الذى الفه قبل انتقاله فى عام ١٣٤٠ ھ۔

۶۔ حسام الحرمين على منحر الكفر والمين ١٣٢٤ ھ۔ فى مكة المكرمة بعام ١٣٢٤ ھ۔

طلب عن سادات علماء البلد الحرام الامانة والا استمداد لدفع جرثومة القاديانية من الهند: بقوله:

سلام منا ورحمة اللّٰه وبركاته على ساداتنا علماء البلد الأمين وقادتنا كبراء بلد سيد المرسلين صلى اللّٰه عليه وسلم وبارك عليه وعليهم اجمعين۔ وبعد:

فان المعروض على جنابكم ان السنة فى الهند غريبة وظلمات الفتن والمحن مهيبة، قد استعلى الشر، واستولى الضر، وتفاقم الأمر، فالسن السادة القادة الكرام، اعانة الدين واهانة المفسدين اذ ليس باليسوف فيا الاقلام۔ فالغياث يا فرسان عساكر رسول اللّٰه امدونا واعدو الدوافع الاعداء عدة۔ وشدو وضدنا فى هذه الشدة كا ومن الميسور على القدر المقدور فى ابانة هذه الامور ... الخ... رجال من بلادنا ... فمنهم ''المرزائية'' ونحن نسميهم ''الغلامية'' نسبة إلى غلام أحمد القاديانى، دجال حدث فى هذ الزمان، فادعى اولا مماثلة ''المسيح'' وقد صدق واللّٰه فانه المسيح الدجال الكذاب ثم ترقى به الحال فادعى الوحى وقد صدق واللّٰه بقوله تعالىٰ فى شان الشياطين، يوحى بعضهم الى بعض زخرف القول غرورًا۔

اما نسبة الايحاء الى اللّٰه تعالى وجعله كتابه: براهين ''الغلامية''

کلام اللہ عزوجل فذلک ایضًا مما اوحی الیه ابلیس۔ ان خذمنی والنسب الی اللہ العالمین ثم صرح بادعاء النبوۃ والرسالۃ۔ وقال: ھو اللہ الذی ارسل رسوله فی قادیان۔ وزعم أن مما نزل اللہ تعالٰی علیه: انا انزلناه بالقادیان وبالحق نزل۔ وزعم انه ھو:

احمد الذی تشربه ابن البتول، وھو المراد من قوله تعالی عنه: ومبشرًا برسول یاتی من بعدی اسمه احمد۔ وزعم ان اللہ تعالی قال له: انک مصداق ھذہ الآیۃ ''ھو الذی ارسل رسوله بالھدی ودین الحق لیظھره علی الدین کله'' ثم اخذ بفضل نفسه اللشیمۃ علی کثیر من الانبیاء والمرسلین علیھم اجمعین وخص من بینھم کلمۃ اللہ وروح اللہ، ورسول اللہ، عیسی صلی اللہ علیه وسلم۔ فقال: بالاردیۃ۔

ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو
اس سے بہتر غلام احمد ہے

ای اتر کواذکر ابنِ مریم فان غلام أحمد افضل منه واذقداوخذبانک تدعی مماثلۃ عیسی رسول اللہ علیه السلام والسلام فاین تلک الایات الباھرۃ التی انی بھا عیسی کاحیاء الموتی وأبرہ الاکمه والابرص وخلق ھیأۃ الطیر من الطین فینضخ فیه فیکون طیرًا باذن اللہ تعالی فاجاب بأن عیسی انما کان یفعلھا بمسر بزم، اسم قسم من الشعوذۃ قال ولو لا ان اکرۃ امثال ذلک لاتیت بھا واذ قد تعودالانباء عن الغیوب الآتیۃ کثیرًا ویظھر فیه کذبه کثیرًا بشیرا دوی داءہ ھذا بان ظھور الکذب فی اخبار الغیب لاینافی النبوۃ فقد ظھر ذلک فی اخبار اربعمانۃ من النبیین واکثر من کذبت أخبارہ عیسی وجعل یصعد مصاعد الثقاوۃ حتی عد من ذلک واقعۃ الحدیبیۃ فلعن اللہ من اذی رسول اللہ ﷺ ولعن من اذی احدًا من

الانبياء صلى اللّٰہ تعالىٰ على انبياك وبارک وسلم واذ اراد قهر المسلمين على أن يجعلوه اياه المسيح الموعود۔ ابن مريم البتول ولم يرض بذلک المسلمون واخذوا يتلون فضائل عيسى صلوات اللّٰہ عليه قام بالنضال وطفق يدعى له عليه الصلاة والسلام مثاليه ومعايب حتى تعدى إلى امه الصديقة البتول المصطفاة المطهرة المبرة بشهادة اللّٰہ تعالى ورسوله ﷺ وصرح ان مطاعين اليهود على عيسى وامه لا جواب عنها عندنا ولا نسطيع ردها اصلاً وجعل يلمز البتول المطهرة من تلقاء نفسه فى عدة مواضع من رسامله الخبيثة۔

بما يستثقل المسلم نقله وحكايته ثم صرح ان لا دليل على نبوة عيسىٰ قال بل عدة دلائل قائمة على ابطال نبوته ثم تستر فرقًا عن المسلمين أن ينفرواعته كافة فقال والنسما نقول بتبوته لان القرآن عده من الانبياء ثم عاد فقال لايمكن ثبوت نبوته وفى هذا كما ترى كذاب للقران العظيم ايضًا حيث حكم بما قامت الادلة على بطلانه الى غير ذالک من كفرياته الملعونة اعاذ اللّٰہ المسلمين من شره وشر الدجاجلة اجمعين فاجاب علماء الحرمين الشريفين۔باقوالهم:

۱۔ هولاء رجال الاسيها ''المرزائية'' ويريح الناس من قبائح اقوالها، افعالها، وينادى على قطع دابرها ان لم يتب باللّٰہ اكبر فان ذلک من اعظم مهمات الدين۔ وقال الامام الغزالى فى نحوها: ان القتل منهم افضل من قتل مائة كافر لان ضرورهم بالدين اعظم واشد۔

وهم ... الخبيث اللعين ...

غلام أحمد القاديان الدجال الكذاب مسلمة آخر الزمان۔ فلاشک

فی کفر القادیانی و وجوب قتله علی کل من یمکن ذلک۔

کتبة عمر بن الحمدان المرسی المالکی
خادم العلم بالمسجد النبوی المدنیة (١٣٢٠ھ)

توقیع:

احمد المکی الحنفی ابن الشیخ محمد ضیاء الدین القادری
الجشتی الصابری الامدادی المدرس بالحرم الشریف
المکی و بالمدرسة الصولیتة الاحمدیة بمکة المحمتیه (١٣٢۴ھ)

اما ما ذکر عن غلام أحمد القادیانی من دعواه مماثلة المسیح و دعواه الوحی الیه والنبوة ونفضیله علی کثیر من الانبیاء وغیر ذلک من الاباطیل التی ثمجها الاسماع، وینفر عنها مستقیم الطباع، فهو فی ذلک أکو مسلمة الکذاب، واحد الدجالین بلا ارتیاب، لا یقبل اللّٰہ منه علماً وعملاً ولا قولا ولا صرفاً ولا عدل ... لانه قدمرق عن دین الاسلام مروق السهم عن السرمیة و کفر باللّٰہ ورسوله وآیات الجلیلة فیجب علی کل مومن بخشی اللّٰہ وعذابه۔ و کل من انما بشیء من مقالاته الباطلة واستحسنه او اتبعه علیها فهو کافر فی ضلال مبین۔ ووقع الاجماع من اول الامة الی اخرها بین المسلمین علی ان نبننا محمد ﷺ خاتم النبیین۔ وآخرهم لایجوز فی زمانه ولا بعدة نبوة جدیدة لاحد من البشر۔ وان من ادعی ذلک فقد کفر۔

مفتی الشافعیة بالمدینة المنورة فی عام ١٣٢۴ھ
الشیخ شریف أحمد البرزنجی

[حسام الحرمین، ص: ۱۳۲۔ ۱۳۳]

فتاوی العالم الاسلامی بتکفیر القادیانیین

إن الفتاوی التی صدرت فی العالم الإسلامی بتکفیر القادیانیین و إخراجهم عن دائرة الإسلام یصعب إحصاؤها، ولکن نکتسعی هنا بذکر أهم مانشر منها۔

١۔ قدم استفتاء فی رجب ١٣٣٦ھ إلی علماء جمیع الفرق الإسلامیة فی شبه القارة الهندیة، وقد أجمع فیه علماء الفرق والمراکز الدینیة فی دهلی، وکلکته، وبنارس، ولکهنؤ، وآغرة، وبهار، وبریلی، ومرادآباد، ولاهور، وأمرتسر، ولدهیانه، وبشاور، وراولبندی ، وملتان ، وجهلم، وسیالکوٹ، وغوجرانوالا، وغجرات، وحیدر آباد دکن، وبهوفال، ورام فور، علی تکفیر القادیانین وإخراجهم عن دائرة الإسلام۔

[راجع ''فتوی تکفیر قادیان'' الناشر کتبخانه اعزازیه دیوبند]

٢۔ ونشرت فتوی أخری مماثلة فی ١٩٢٥م بعنوان ''فسخ نکاح مرزائیان'' من مکتب أهل الحدیث بأمرتسر، وعلیها توقیعات علماء الفرق الإسلامیة فی شبه القارة۔

٣۔ إن الفتاوی التی قدمت ؟؟؟؟؟؟؟ بهاولفور الشهیرة کانت تشمل فتاوی علماء شبه القارة والبلاد العربیة۔

[''حجیة شرعیة''۔الناشر: مجلس تحفظ ختم نبوة لاهور وملتان]

